DAMAGE BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_222580

UNIVERSAL
LIBRARY

بعون صانع بیچون فضل خلاق زمن

گلزار ابراہیم

مطبع نامی منشی نولکشور میں بار فرمقبول طبع ہوا

۸ ۹۱۵۴۳۱۶

التماس - اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے اور فہرست اوسکی درخواست کرنے سے چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقین اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہے اس کتاب کے ٹائٹل پیج کے تین صفحہ سادہ مین کتب قصہ جات نظم اردو و کتب قصہ جات نثر اردو و کتب قصص نظم و نثر بھی وغیرہ فارسی درج کرتے ہین تاکہ حسین فن کی یہ کتاب ہے اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو -

کتب قصہ جات نظم

الف لیلا منظوم - چار جلد مین جلد اول حضرت نسیم دہلوی و دوم و سوم از شایان لکھنوی -
و چہارم از منشی شادی لال ہر ایک سخن گوئی کے استاد -

مجموعہ قصص - شامل پانچ قصہ -
(۱) قصہ سوداگر بچہ (۲) قصہ ماہی گیر (۳) قصہ جمجمہ (۴) قصہ منصور (۵) قصہ شاہ روم مختلف التصانیف -

سنگاسن بتیسی منظوم - از منشی مکھن لال -

چشمہ شیرین - قصہ شیرین و فرہاد -

جوگن نامہ - از میان باطن اکبرآبادی -

ایجاد رنگین حکایات نصایح از میان سعادت یار خان رنگین دہلوی

مجموعہ جوتشے نامہ و تیلی نامہ و افیونی نامہ از بینی رام -

پدماوت اردو - از مولوی قاسم علی ترجمہ شعر الشعراء پدماوت ملک محمد جایسی -

ایضاً - از عبرت و عشرت -

مثنوی گلزار نسیم - قصہ بکاؤلی از پنڈت دیاشنکر نسیم لکھنوی -

فسانہ عجائب منظوم - از منشی بھولا ناتھ -

نلدمن - قصہ راجہ نل و دمن -

ہدیہ انظار - از مولوی ممتاز علی -

مثنوی میر حسن - دہلوی -

یوسف زلیخا اردو منظوم - از شاعر تخلص فگار -

شیرین خسرو بالتصویر - از منشی گوبند پرشاد

بنجارہ نامہ - از میان نظیر اکبرآبادی -

لیلی مجنون - میر تقی ہوس -

بہار دانش منظوم - از تخلص تپش -

مجموعہ قصہ سپاہی زادہ - شامل بارہ قصہ -
(۱) قصہ سپاہی زادہ (۲) چار باغ رنگین (۳) قصہ محمود شاہ (۴) سوداگر بچہ (۵) عاشق کا جنازہ (۶) قاصد نامہ (۷) ہنس نامہ (۸) تندرستی نامہ (۹) دکھ سکھ نامہ (۱۰) دولت نامہ (۱۱) بھوجپال نامہ (۱۲) رنگین نامہ -

طلسم شایان داستان امیر حمزہ از منشی طوطا رام شایان

ترجمان عصمت منظوم - از منشی کریم بخش تخلص احقر -

نالہ منظور منظوم - از سید منظور احمد -

بکٹ کہانی - از الٰہی بخش -

سراپای بتصویر عجم - از منشی اشرف ... بت

باغ عاشق قصہ گل و صنوبر از پنڈت کنہیا لال -

گلدستہ شجاعت ترجمہ اردو نظم سکندر بحری و بری از مولوی غلام حیدر گویا موی

بعوضِ صنّاع مکین مکان فضل خلائق میں روز زمان

گلزار ابراہیم

مطبع نامی منشی نولکشور میں بہ طبعِ مزیّن مقبول جہان ہوا

۵۸۴۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ دفتر دوسرا ہی بحر الحقیقت کا اور نام اسکا گلزار ابراہیمی ہی اسمین بظاہر قصہ ہی عاشق ہونیکا ادہم کے اوپر دختر بادشاہ بلخ کے اور تکالیف اور محنت کھینچنی اونکی عشق مین بادشاہزادی کی اور مر جانا بادشاہزادی کا بیمار ہوکر اور بعد مرنیکے قبر سے نکال لیجانا ادہم کا لاش کو بیقراری عشق مین اور پھر زندہ ہونا اُس دختر کا اور نکاح ہونا ادہم کا اوس شاہزادی سے اور پیدا ہونا حضرت ابراہیم کا اُس دختر سے اور دریافت ہونا بادشاہ بلخ کو حال زیست دختر کا اور لانا بیٹی کو اور ابراہیم کو اپنے گھر اور بعد بلوغ کے ولیعہد کرنا ابراہیم کو سلطنت پر اپنی جا اور ترک کرنا بادشاہی کا اور درویش ہونا انکا یہ قصہ ظاہر مین بطور افسانہ اور کہانی کے ہی اور مراد اس سے اور ہی اور نظر غور سے یہ حال ہر ایک بشر کا ہے اور اسرار باطن کے بہت اسکے اندر مندرج ہین اگر بنظر غور کے سمجھے اور گوش دل سے پنبۂ غفلت کو نکالے تو اکثر راز باطن کے منکشف ہو وین اور فایدہ کلی حاصل ہوں عاقلونکے واسطے طغرای ہدایت اور غافلونکے لیے افسانہ اور حکایت ہی بیان اسکے شروع ہے حمد اور تعریف اللہ جلشانہ اور بیان قدرت کاملہ اوسکی کا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس خدای پاک کو — مرتبے[۱] جسنے دیے ہین خاک کو
حمد ہی اُس مالکِ جبار کو — رزق[۲] جو دیتا ہی ہر جاندار کو
حمد کرنا کب ہی مقدور بشر — کہتے ہین کچھ کچھ عبادت جانکر
حد سے زاید حمد خلاق قدیر — خون کو جسنے کیا پستان مین شیر
آدمی[۳] کو خاک سے پیدا کیا — اپنے اوپر آپ اُسے شیدا کیا
عرش و کرسی پر بشر کو راہ دی — لامکان تک اُسکی جولانگاہ کی
عشقبازی آپ بھی پھر اُس سے کی — جب ہوا وہ محرم رازِ خفی
حسن کی اپنے دکھا کر آب و تاب — عاشقونکا دل کیا غم سے کباب

۱ [illegible]
۲ عطا فرمود ۱۲
ومامن دابة فی الارض الا علی اللہ رزقہا ۱۲
۳ انا عرضنا الامانة ... ۱۲

اسسے طغیانی و فسق و سرکشی / اس سے بندہ پروری ہوتی رہی
فہم سے برتر ہی اُسکا کاروبار / نیک و بد پر ہی اُسی کا اختیار
ملحد و منبع بت پرست و بت تراش / گبر و ترسا و جہود و بدمعاش
سب سے رابطہ آشنائی ہی اُسے / دل مین ہر اک کی رسائی ہی اُسی
دوستونسے گاہ ہو بیگانگی / دشمنونسے ہو کبھی ہم خانگی
دوستونکو در بدر رسوا کرے / دشمنونکا جو کہین کہنا کرے
کعبہ مین پیدا کرے زندیق کو / لاوے بتخانہ سے وہ صدیق کو
عالم و فاضل ہو شیطان لعین / امی مطلق ہو خیر المرسلین
بلعم باعور کو دوزخ سے ملے / جنتی ساحر بنین فرعون کے
چاہ بابل مین معذب ہون ملک / ہو مقام زہرہ بالاے فلک
پشہ دے نمرود کو فاحش شکست / باد صرصر سے ہو قوم عاد پست
زوجۂ فرعون ہووے طاہرہ / اہلیۂ لوط نبی ہو کافرہ
پرورندہ جسکا ہو روح الامین / ہو وہ گوسالہ پرست وہ بایقین
زادۂ آذر خلیل اللہ ہو / اور کنعان نوح کا گمراہ ہو
دشمنونکو دین ہزارون نعمتین / رزق و صحت عیش صدہا راحتین
دوستونکو اپنے رنج و تاب دے / مبتلا ہون امتحان کے واسطے
روتی روتی بے بصر یعقوب ہو / طعمۂ کرمان تن ایوب ہو
ہو کوئی مقتول از رہ دو نیم / طشت مین یحیی کا سر کاٹے لئیم
گبر و ملحد کو کرے صدیق وہ / دم مین مومن کو کرے زندیق وہ
دیر کو مسجد کرے مسجد کو دیر / غیر کو اپنا کرے اپنے کو غیر
کربلا مین قرۃ العین نبی / لال زہرہ کا حسین ابن علی
ظالمونکے ہاتھ سے ہو یون شہید / اور اپنا کام دل پاوے یزید
ہو حسن کا زہر سے ٹکڑے جگر / دشمنان حق کو ہو یون کر و فر
عقل سے برتر خدائی ہی تری / فہم سے باہر خدائی ہے تری
کچھ نہین دم مارنیکا ہی مقام / پہونچے کب حکمت کو تیری فہم عام
جو کہ تو کرتا ہی برحق ہے بجا / عقل اُسکی کنہ کو پہونچے گی کیا
کرتا ہی جو کہ تو کل کاریان / عقل بندہ کی کہان پہونچے وہان
خاک سے پیدا کرے الماس کو / سنگ مین تابش سے خور کی لعل ہو
آپ سے ظاہر کرے زرستان گہر / قطرۂ ناپاک سے پیدا بشر
ریگ سے پیدا کرے الماس کو / سنگ مین تابش سے خور کی لعل ہو
آگ سے پیدا سمندر کو کرے / طعمۂ جاندار اژدر کو کرے
ختم تجھ پر ہو گئی صنعت گری / ہر ہر اک پر تر سے تجھکو برتری
یہ معاذ اللہ مین نے کیا کہا / ہو گئی مجھسے بڑی فاحش خطا
برتری کسکو ہی اُسکے سامنے / مفتری کہنیکا دعوی ہی کسے
مفتری و برتری ہی عصیان / اسکے آگے ذکر اسکا ہی کہان
برتر و نکا چاک ہوتا ہے جگر / آپ زہرہ مفتری و نکا سر بسر
ہی بیان جو برترین برتران / کمترین کمتران ہی وہ وہان
زیر و زبر مین ہی جنکا آوازہ بلند / اسکے آگے ہین ذلیل و مستمند
چرخ با این عظمت و با آب و تاب / ہی تری دریای قدرت کا حباب
لیکے ماہی سے ہر اک شی تا بماہ / تیری یکتائی پہ ہی یارب گواہ

بیان اپنے عجز اور قصور کا اور نہو سکنا حمد رب غفور کا

تیری لایق گو نہین میری ثنا / مین عبودیت کو لاتا ہون بجا
توبھی میری حمد کو مقبول کر / کر نہ عیب و نقص پر اسکی نظر
تو نے خود پیدا کیا ہمکو ضعیف / ہو وہی ناقص تحفۂ مرد ضعیف
کی زبان کو تو نے گویائی عطا / ہو سکے کیا اُس سے پھر تیری ثنا
مین سخندان تو سخن پیدا کرے / مین زبان دان تو دہن پیدا کرے
مین ثنا گو اور تو نطق آفرین / مین بشر ہون تو ہی رب العالمین
ہی زبان اک پارۂ لحم و عصب / حمد اے خالق بیان ہو اُس سے کب
اُس زبان سی تیرا نام پاک لون / سخت مین گستاخ ہون بیباک ہون
آب کوثر سے اگر دھوؤن اُسے / تو بھی وہ لایق نہو اس کام کے

فہم سی برتر ہو جو صد سالہ راہ | کیا کرے وان بندۂ بیدستگاہ
جس جگہ جلتے ہون بال جبرئیل | اُس جگہ دم مارے کیا مجھسا ذلیل

ہو خیال و وہم سی بھی جو پرے | کام کیا وان ذہن کی تیزی کرے
موشگافی اپنی آئے کام کیا | ہو جہان عاجز عقول انبیا

ماعرفنا جس جگہ بولین نبی | حمد کیا اُسکی کرے مجھسا غبی
حلقۂ زنجیر آسا پیچ و تاب | کھاتے ہین مضمون دلمین بیحساب

سینے مین ہی بحر مضمون موج زن | پر روا کرتا نہین اسکو سخن
تو ہی کچھ حمد و ثنا تلقین کر | عقل میری ہوگئی ہی کور و کر

گر کرے طی لسانی تو عطا | حمد کے مضمون ہون مجھسے ادا
تجھپہ روشن ہین مضامین دلی | کھینچتا ہے رنج اب بیجا صلی

میرے پوشیدہ جو تھے وہ سینے مین | سو نہین ہین گو اسی گنجینے مین
یا الٰہی یا الٰہی یا الٰہ | مین ہون تیرا بندۂ بیدستگاہ

مناجات جناب الٰہی مین

پہونچون تجھ تک مجھ مین یہ ہمت نہین | دور رہون تو طاقت فرقت نہین
گر بیان اپنی کرون مین بیکلی | فاش ہو یا اپنا کرون راز دلی

تو وہ گستاخی و بیباکی ہے آہ | چپ رہون تو جان ہو غمسے تباہ
عالم برزخ مین ہون مین بین بین | جان کو میری نہین اک لحظہ چین

زندگانی ہو مرے جی کا وبال | بے حضوری کی ترے اے ذو الجلال
ہے نفس ہر اک تفنگ جانستان | ہے سر ہر موی مژہ نوک سنان

بے ترے دیکھون تو کیا دیکھون بھلا | بے ترے بولون تو کیا بولون بتا
بند تن ہے مجکو بند آہنی | جسکی کڑیان نخوت و کبر و منی

طمع و حرص و بخل و حب مال و جاہ | عجب و پندار و ریا ہین اے الٰہ
رکھ مری شمشیر ہمت سان پر | قطع ہو یہ بند جس سے سر بسر

گر نہو تیری عنایت کی نگاہ | تو ہوا اس بند مین بندہ تباہ
دام مین حرص و ہوا کے کر نہ بند | چاہتا ہی مجھ سے پرواز بلند

آہنی اک پنجرے مین تو کرے قید | حکم فرماتا ہے گر عنقا کو صید
گر یہی منظور ہے تو وہ بتا | اور یہ بند سخت کر مجھسے جدا

ہو نہین آہن تو ہو خود آہن ربا | کاہ مین ہون گر تو کاہ کہربا
تب بر آوے کچھ تمنائے دلی | ورنہ ہے سب جستجو بیجا صلی

ہے اگر مولی نہ بندے کی ضمیر | ہے تلاش اوسکی سراسر زمہریر
سر ٹپک کر مر گئے صد ہا بشر | کچھ ہوئی محنت نہ اُنکی کارگر

وہ بتا رستا کہ اک مقراض لا | میری ہر اک بند کو کردے جدا
کھینچ لیجا بحر وحدت تک مجھے | دے وہ پہونچا شہر الفت تک مجھے

کر عطا دلکو مری ایسی طپش | جس سے جلکر خاک ہو سب غل و غش
مور کو ہے سیر کعبہ کی ہوس | پیر ہے بیچارہ کو کب یہ دسترس

بال پر اپنی بٹھالے گر ہما | تب بر آوے اُسکے دل کا مدعا
بارے رحمت کے ہما کو حکم ہو | تا وہ اس زار نحیف خستہ کو

بال شفقت پر اوٹھا کر لیچلے | طوف کعبہ کو اوڑا کر لیچلے
جسکو تو چاہے رنج چاہے گنج دے | جس سے چاہے گنج لیکر رنج دے

ہین ترے مخلوق دونون رنج گنج | ہین ترے قبضہ مین یارب گنج رنج
رنج محرومی کو میرے دور کر | گنج عرفان سے مجھے معمور کر

رنج مہجوری مین جی ہے مبتلا | راہ اپنی تو مجھے یارب بتا
تو ہی مرشد تو ہی ہادی ہے مرا | دیو غول نفس سے مجکو بچا

غرق بحر معصیت ہون آہ آہ | انتظار معرفت ہون آہ آہ
مین ذلیل و خوار و زار و مستمند | عاجز و مسکین ہون و ناپسند

تو غنی و مغنی و عاجز نواز | بادشاہ ذو الجلال و کارساز
باسط و رزاق و ستار عیوب | قاضی حاجات و غفار ذنوب

تو کرو لتنی جو کہ بدتر ہین یہان | مجھسے سو درجے ہین بہتر بیگمان
جس سے بدتر اس جہان مین کچھ نہین | اس سے سو درجے ہون بدتر بالیقین

نعت سو کرو ہی مجھسے یا رب حسن
ہون مری بدکام یکسر حسن
تا مسمی سی مطابق اسم ہو
اپنے معنی کے موافق اسم ہو

لفظ بیکے ہوت اگر معنی حسن
ہر حسن علکیہ بلکہ احسن ہے سخن
گر حسن ہون لفظ او معنی ہون ہو
عقل کے نزدیک ہر مسطور و دور

گر حسن کو تو پسند اے ذو المنن
تا کہ دونون لفظ او معنی ہون حسن
گر حسن کی مدح کو یا رب جا حمد
ہو نیا ہر دم اوسے القا و حمد

سین اسکا یا الٰہ العالمین
سمع و سبحان سعادت کا ہو سین
یا الٰہی نون کو اس نام کے
نون سے کچھ نور کے حصے ملے

تا کہ نورانی ہو میرا تن بدن
ہو حسن کی بھی حقیقت پر حسن
گو کہ ہین بدکار و نافرجام ہون
شیر یزدان کا ولے ہمنام ہون

جزو پیغمبر امام بوالحسن
حیدر صفدر امام بوالحسن
کرکے تو اوس نام نامی پر خیال
بخش اس عاصی کو بھی اے ذو الجلال

حرمت اسکے نام کی رکھ یا خدا
آتش دوزخ سے مجکو بھی بچا
ختم کرکے یہ مناجات بدیع
روح پیغمبر کو لاتا ہون شفیع

نعت پیغمبر خیر الانام درود اللہ کا اوسپر اور سلام

بہترین اولین و آخرین
فخر جملہ انبیا و مرسلین

گر نہ پیدا ہوتی اسکی ذات پاک
تو نہ بنتے باد و نار و آب و خاک
باعث ایجاد عالم ہے وہی
علت غائی آدم ہے وہی

امی و استاد جبریل امین
ناسخ احکام شرع سابقین
نام اوسکا ہی دوا ہی ہر بلا
احمد مرسل محمد مصطفی

دمبدم اوسپر درود و صد سلام
پہونچے اس عاجز کا تحفہ بالدوام
اسکی تیغ حکم و ہیبت نے کیا
سر کو کفر و شرک کی تن سے جدا

ایسی ایسی کین تدابیر حسن
بت پرستونکو بنایا بت شکن
بت پرست و گبر و ترسا و یہود
کافر و بے ملحد و قوم ہنود

سبکو آہستہ بتدبیر متین
لائے وعظ و پند سے براہ دین
جسنے کی کفنے کی اونکے پیروی
ہو گیا بیشک ہی کامل ولی

جسم ایمان ہے محمد مصطفی
عنصر اوسکے چار یار مجتبی
جانفشانی سے ہوا اونکے قوی
شرق سے لے غرب تک دین نبی

دوست دل سے جو کہ ہو صدیق کا
دل ہوا اوسکا منزل صدق و صفا
جان و دل سے ہو عمر پر جو نثار
ہو وہ منظور جناب کردگار

حب ذی النورین ہو دلمین اگر
ہو وہ دل خورشید سے رخشندہ تر
صدق دل سے لے اگر نام علی
کافر صد سالہ بھی ہووے ولی

ہو مفصل انکا گر معلوم حال
اور آدمی اونکی کوشش کا خیال
جرات و ہمت پر انکی ہو نظر
شوکت اسلام کی یاد ہو خبر

راہ حق مین مستعد رہنا سنے
جان پر لینا بلاؤن کا سنے
جب تب ہی موقوف ہون ہم و خیال
دل سے مشغوف ہون اونکا تو کمال

ہے ہر اک اصحاب سرا ہی با خدا
معرفت کی بحر مین در الدنی
ہین ہدایت کی فلک پر سب نجوم
حامی دین متین بحر علوم

تخم انکی الفتونکے دل مین بو
تا کہ تیرا باغ ایمان سبز ہو
اونکے یارو نمین اگر ہوتی کجی
تھا معاذ اللہ یہ نقص نبی

جو رہین صحبت مین انکی سالہا
وہ ہین سبکے پیشوا و مقتدا
تو اگر اونسے ہی بدظن ای پسر
ہے نبوت کے اثر سے بے خبر

فاطمہ زینب رقیہ ای جوان
ام کلثوم آپ کی ہین بیٹیان
چار یہ دو فاطمہ زہرا کے لال
دین کے گر ہستہ ضرور یہ خیال

جتنے ہین ازواج خیر المرسلین
امہات المومنین ہین بالیقین
اعتقاد انکا ہے جنکے دلمین چست
دین اور ایمان اونکا ہی درست

اونسے جو کوئی کہ ہو بد اعتقاد
دین و دنیا مین رہا وہ نامراد
آل پیغمبر ہین سب کشتی نوح
انکی الفت مین سراسر ہی فتوح

دامن انکا آگیا ہے جسکے ہات
کفر کی طوفان سے پائی ہے نجات
جنکو پیغمبر کہے مثل القرآن
اونکو تو افسوس سمجھا ہی زبون

ہین وہ گویا بدر اثنا کہ ہرے
پیشوا ہے راہ دین مصطفیٰ

گر یہی وہ ہین تو بہتر کون ہے
گروہ بدرہ ہین تو رہبر کون ہے

گو گری صد ہا برس جلد گشتی
کفش پا کو انکی کب پہونچی کوئی

تھا نبی کی اونمین صحبت کا اثر
جسم انکا روح سے ہی پاک تر

خالق تاخیر ہے پروردگار
خلق مین ہمکو نہین کچھ اختیار

جنکو پیغمبر کہے نجم الہدیٰ
انکو صد حسرت کہ تو سمجھے برا

سقف ایمان کی ہین یہ محکم ستون
اس سبب وہ قرن ہے خیر القرون

بالیقین اصحاب کی ہے خاک پا
توتیاے دیدہ ہاے اولیا

کر چکا مین یہ بلاغ بس مبین
آگے اس سے مجکو کچھ قدرت نہین

ہان مگر تاثیر دی اسمین خدا
دلمین تیری ہو اثر اس وعظ کا

سبب تالیف کتاب کا

ایکدن کرتا تھا مین سیر کتاب
گوشۂ خلوت مین کرکے بند باب

شوق دل سے با ہزاران التماس
دیکھتا تھا مین کتاب اقتباس

حال پیدائش کا ابراہیم کی
دیکھکر مجکو عجب حیرت ہوئی

اتفاقاً وہ بفرمان قضا
دخت شاہ بلخ پر عاشق ہوا

اس سے پیدا ہونا ابراہیم کا
ہے عجب دلچسپ رنگین ماجرا

دلمین یون آیا کہ یہ داستان
کیجے ہندی مین لطافت سے بیان

جلوہ ہای قدرت حق دیکھکر
خواب سے بیدار ہو ہر اک بشر

صورت قصہ ہے قشر و راز مغز
ہے وہ افسانہ تو یہ ہے مغز نغز

دونونکے حق مین ہے لیکن سودمند
پردۂ افسانہ مین ہے وعظ و پند

گوہر تابان و در آبدار
خلق پر بیشے کیے ہین یہ نثار

اسکو گنج بادآور جان تو
مخزن یاقوت و گوہر جان تو

پیر و مرشد یہ مری گفتار ہو
کاش سمجھے کوئی اسکے مغز کو

تو بھی اس مغز معانی کو پہونچ
غور کر رمز نہانی کو پہونچ

تا سنو پر باد میری جان کنی
لغو دی بنیاد میری جان کنی

سمجھے تو دل سے گر اسکا مدعا

اسمین ہے مسطور حال اولیا
من و عن تفصیل مین سے لکھا

تھا پدر انکا فقیر بینوا
کہتی تھی ادہم اسی خلق خدا

عشق کا انکے ہے افسانہ عجیب
ہے بہت نادر حکایت ای لبیب

دیکھکر وہ داستان دلکشا
غنچۂ پژمردہ دل وا ہو گیا

خلق کھوے چشم عبرت سے ذری
دیکھی خالق کی نئی صنعت گری

تھا یہ قصہ خلق مین گو مشتہر
بیٹے کھولے اور راز مستتر

قسم اول ہے سفیہونکے لیے
قسم ثانی ہے فقیہونکے لیے

ہو خرد تجکو تو کافی ہے یہی
روبرو ہو نیکو وافی ہے یہی

چاہیے پھیلائین سب ارمان دل
لین گہر ہای معانی متصل

ہے نگار نازنین یہ مثنوی
مغز معنی ہے نہین یہ مثنوی

راز مخفی گو کیا بیٹے بیان
قصے کی پردے مین اے افسانہ خوان

گوش دل کو کھول تو اے بیخبر
تا کہ ان باتونکا دل پر ہو اثر

کھینچ کر تکلیف و رنج بیکران
بیٹے کھولا اسمین اسرار نہان

ہو یہی بس رہبر راہ خدا

آغاز داستان عشق ادہم کا دختر شاہ بلخ پر اور رنج و تکلیف کھینچنی انکی بحال مضطر بہیک کا نا بادہ شورش کا ایاغ دماغ کو اور جانا بادشاہزادی کا سیر باغ کو

عشق کی ہردم نئی ہے ایک شان
عشق ہے [illegible] گر مرآت جان

عشق ہے بیماری دل کا طبیب
عشق [illegible] فاروق الحبیب

بیخزان ہے عشق کی باغ و بہار
عشق ہے ہر دم نیا ہی کاروبار

مرحبا ای عشق عالی مرتبت
مرحبا ای عشق فرخندہ صفت

عشق سے پیدا ہوئے کون و مکان
عشق سے روشن ہین یہ دونون جہان

عشق جس دل مین نہین وہ دل نہین
گل سے بدتر ہے وہ دل ای مرد دین

تا ابد سرسبز ہے گلزار عشق
روز افزون رونق بازار عشق

مرحبا ای شہسوار لامکان
مرحبا ای رہنماے گمرہان

عشق کے آگے شہنشاہ و فقیر
ہی اسیر عشق آزاد جہان
گر نہ پیتی عشق یوسف کی شراب
پیتا گر مجنون نہ اس کلفت کا جام
عشق کی کیا کیا کشایش ہی پدید
کوئی جنس سافل و عالی کہین
یا دعق مین ہی ملایک بالدوام
خاک ہو یہ پنبہ ہزار استخوان
تجھسے مین کہتا ہون اک قصہ عجیب
پیر صد سالہ بھی ہوے نوجوان
یہ روایت راویون نے ہی لکھی
لیک سن میں سال مین تھا نوجوان
صاف طینت نیک خصلت با جمال
گرچہ تھا ظاہر مین وہ شوریدہ حال
تھا بدن اسکا جو آئینہ مثال
قایم اللیل اور دنکو روزہ دار
خورش جبا نکی آتی تھی آب و ہوا
اسکے وہ مرتاض و شب بیدار تھا
اختلاط خلق ہی بیشک بلا
اختلاط خلق ہی مانند سم
کرم سرگین خوار کے آگے نہین
تو جو کثرت مین ہوا ہی مبتلا
رات کو سمجھے عروس غمگسار
بحر وحدت کا اگر ہو موج زن
اسکہ کرتا تھا ریاضت وہ کمال

ہین زیادہ ذرّے سی دونون حقیر
ہی خراب عشق آباد جہان
کب زلیخا کی کوئی لکھتا کتاب
تا قیامت کون لیتا اسکا نام
عشق ہی ہر قفل مشکل کی کلید
عاشقی و عشق سی خالی نہین
غرق ہی بحر ہویت مین مدام
جسم کا باقی نہو نام و نشان
خوب ہے یہ حسب سنایت ہی غریب
ہو دل افسردہ باغ و بوستان
یون ہوئی پیدایش ابراہیم کی
وضع خوب و متقی و نکتہ دان
بوستان حسن کا تھا نونہال
تھا ہویدا اُسمین بھی اسکا جمال
خاک سے دونا ہوا حسن و جمال
رات دن مشغول یاد کردگار
چندروز اُسکا جما تا بسترا
دوست تنہائی کو رکھتا تھا سدا
جو بھا اس سے وہی اچھا رہا
ہو سکے تجھسے تو کر کچھ اسکو کم
لذت حلوا و قند و انگبین
کب ملے خلوت مین تجکو ذا لقا
جانی وحدت کو کہ ہی زیبا نگار
آپ تو کثرت کا پھر ہو پیچ کن
تھا طبیعت پر بہت اسکے ملال

ہی فلک سرگشتہ سودائے عشق
عاشقون کو عشق سی ہی تازگی
ذکر اوسکا ہوتا کیون تا آئین
گر وہ شیرین پر نہوتا مبتلا
ہی زمین سے آسمان تک بیگمان
عشق کی مے سی دہر ہر ہشیار مست
عشق کی یارب تجھے دے وہ شراب
بارگاہ عشق مین ہر ایک شاہ
گرم ہو سنکر سبے افسردہ دل
عشق کی معلوم ہو جو انشوری
باپ انکا تھا فقیر بے نوا
عابد و زاہد کریم و پارسا
تھا زبس آزادہ وہ مرد خدا
خاکساری مین بھی تھی اسپر ہوا
شوق سیاحی سے تھا اسکو کمال
دشت و صحرا مین قلندر وش مدام
ہوتی اُسجا سی طبیعت جب خفا
کرتا تھا اوقات صحرا مین بسر
کیا کہون مین جو مزا خلوت مین ہے
تو سمجھتا ہی اُسے آب حیات
ذہن مین اُسکے بھی ہی ای بیخبر
تیرگی کثرت کی جب ہو دل سی دور
چھوڑ اس کثرت کو تو وحدت مین آ
اُسکو تنہائی مین تھا وہ ذالقا
سیر کرتے کرتے وہ رعنا جوان

ہی جہان پر فتنہ غوغای عشق
دو جہان مین ہی بلند آوازگی
ہوتین نازل آتشین کر شان مین
کب کوئی فرہاد کو پہچانتا
فتنہ و غوغای عشق عاشقان
نشہ الفت سی ہی جاندار مست
جس سے ہون دل اور جگر جلکر کباب
کم ہی ادنی مور سے بی اشتباہ
جا حق اور ہو بند ہو پژمردہ دل
تو بھی سمجھے اُسکی جنگ زرگری
ادہم اُس درویش حق کا نام تھا
عاجز و مسکین غریب و بینوا
ایک جا دلبستگی رکھتا نہ تھا
قد کشیدہ مثل سرو جویبار
سیر اطراف و جوانب کا خیال
عمر کرتا تھا بسر وہ صبح و شام
اور جانب کو وہ جاتا تھا چلا
رہتا عمرانات سے وہ دور تر
ہان سلامت سنجھ وحدت مین ہے
کر خوش آدمی تجکو تنہائی کی بات
وہ سنجا ست نعمتو نیز فوق تر
خود بخود تو ہووے ہر اک سی نفور
چکھ ذرا تو بحر وحدت کا مزا
رہتا تھا جنگل مین وہ مرد خدا
بلخ مین اک روز آیا ناگہان

دیکھکر دلچسپ ہوا کی فزا
سیر کرنے کی لیے وہ دین پناہ
نکسی سوالی نے کچھ بولا حال
تھا زلیس پر دیش خوبی با جمال
ایکدن ناگاہ اوحکم قدیر
تھے کھڑی سودا نفیس جو ہر ار
غرق لعل و زر مین از پا تا بسر
کر رہا تھا چشم عبرت سے نظر
جلد ہو جاؤ دو طرف دو قطار
باادب آہستہ نے بیش و نہ کم
حسن محافی ہیں تھی شہزادی سوار
پوشش زلفت اُسکی دیکھکر
جسکا ہر موتی تھا در آبدار
اتفاقاً اُس محافے کو ادھر
ہونیوالا کوئی ہوتا ہے جو کار
ہوا اگر اسباب ہا ہر چیز و رو
کسب بندے کا اگر ہو کام کا
نیک و بد مین دخل گر اسکا ہوا
ہون سبھی صناع و کاریگر خراب
اپنی رحمت سے وہ شاہ با سخا
جبریہ باتین بنجان ایمان تو
جبر ہی خنطل توکل قند ہے
فرق اسمین اسمین ہے صد سالہ راہ
تند ایسی نسبت سے آئی ہوا
دیکھکر اُس شاہ کو بیتاب سا

متصل اُس شہر کے رہنے لگا
شہر کے اندر بھی آتا گاہ گاہ
کھانا پینا کا کسی سے نے سوال
لگکر غربت دل کو تھی غربت کمال
شاہ کے در پر ہوا اُسکا گذر
اور پیادے بیحد و بیحد سوار
زرق و برق ایسی کہ خیرہ ہو نظر
گونہ گونہ صنعت اللہ پر
ہو پیادے آگے اور پیچھے سوار
ایکسا جلدی بڑھاؤ تم قدم
تھے جڑے لعل و زمرد بیشمار
چوندھیا جاتی تھی سورج کی نظر
کہکشان سو جی سی وہ جیسے نثار
خواہش تقدیر لائی کھینچ کر
غیب سے ہوتے ہین اسباب آشکار
یہ بھی ایسی ہی سمجھ کا ہے قصور
کب کرے مقصد ہین اپنے وہ خطا
پھر وہ بندہ کب ہا مولی ہوا
اُس طرف سے گر نہو مفتوح باب
تجھ پہ کردیتا ہے باب رزق وا
یہ توکل ہے اسے پہچان تو
جبر ہے بند و توکل پند ہے
تجکو اے غافل ہے لازم انتباہ
اُس عماری کا دیا پردہ اوٹھا
دل ہوا اُسکا سپند آسا کباب

دور آبادی سے جا اے ارجمند
مرغ وحشی کیطرح سب سے جدا
صحبت مردم نہین مد نظر
دیکھتا تھا جا کوئی معمور حسین
خلق کا دیکھا وہان پر اژدحام
سیکڑون حاضر غلام ماہ رو
اتفاقاً ہو گیا وہ بھی کھڑا
اسمین بولی ہر طرف سے چوبدار
دختر شہ کی سواری آئی پاس
باغ مین جاتی ہے وہ عفت مآب
کیا محافے کا کرون اُسکے بیان
سو ستونکی ایک جہالر جگمگی
عالم حیرت مین ششدر تھا کھڑا
کھینچ لائی اُس پری رو کو قضا
کسب کو بندے کی دخل اسمین نہین
ہو عبد اسباب و علت سے جدا
ہر بشر ہو کسب سے شاہ جہان
کسب مین بھی رکھ نظر رزاق پر
ہے کلید قفل غیبی کسب یار
کسب کر لیکن خدا کے نام پر
دوست رکھتا ہے توکل کو خدا
جبر مردود و توکل معتز دین
آئی جب اُسکی سواری متصل
بیچ پہلے سے ہوا اسباب عشق
دیکھکر وہ طرز وہ اسلوب خوب

کی اقامت کی لیے اپنی پسند
سیر کرکے شہر کی جاتا چلا
پھر چلے آنا تماشا دیکھکر
کرتا وقفہ اُس مکان پر مرد دین
اور زاید قد سے اسباب دھوم دھام
دست بستہ صف کشیدہ سو بسو
دید ہر اک کی وہان کرنے لگا
اے جوانون جلد ہو تم ہوشیار
جمع جلدی تم کرو اپنے حواس
دل کے ہیلانیکو باصد آب و تاب
لعل و یاقوت و زمرد کا تھا کان
تھی عجب صنعت کی گرد اُسکی لگی
ایک گوشے مین الگ سب سے گدا
جسطرف بیچارہ اوہم تھا کھڑا
ہو وہی جو چاہے رب العالمین
درمیان سے تو بھی یہ پردہ اوٹھا
صاحب حشمت امیر کامران
عقل و صنعت کو الگ رکھ طاق پر
جب کیا تو نے بجد و جہد کار
کچھ بھروسا کر نہ اپنے کام پر
اسکو تو ہرگز نہ بھول اے باوفا
جبر ہے صبر و توکل انگبین
دیکھنے اوسکو لگا یہ خستہ دل
ہو گیا مفتوح ناگہ باب عشق
بحر حیرت مین گیا درویش ڈوب

دم بخود حیران و ششدر رہ گیا
ایک ٹھنڈی سانس بھر کر رہ گیا

دیکھ پائی سادہ رو ان اسکا جو حور
یون کہی مجھ مین سراسر ہے قصور

اوسکی نک سک کا کرون مین کیا بیان
چاہیے لکھنے کو عمر جاودان

حسن کی تعریف اسکے کیا کرون
جو لکھون مین اس سے تھی خوبی فزون

جب سواری اسکی آگے کو چلی
دم کو او ہمدم کے ہوئی کچھ بیکلی

سینہ کے اندر دل مضطر ہوا
مثل مرغ بسمل و قبلہ نما

دو پہر کے بعد آیا جبکہ ہوش
عشق نے مارا وہین سینہ مین جوش

عشق نے اسکو دکھایا اپنا رنگ
زیست سے اوہم ہوا اپنی یہ تنگ

گریبان اسکی کرون مین بیکلی
بیکلی مین ہو ہر اک گل کی کلی

تھی نگہ اس بت کی کیا آفت بھری
دم کے دم مین کر گئی جادوگری

بیخزان ہے گلستن و گلزار عشق
عقل سے باہر ہے کاروبار عشق

آتش گل سے کیا بلبل کو خاک
دل چکورون کا قمر سے چاک چاک

خواب مین یوسف کی دکھلا کر بہار
دل زلیخا کا کیا دیوانہ وار

عقل اوسکی دفعتہ زائل ہوئی
ایسی کیفیت اسے حاصل ہوئی

کچھ دکھائی ایسی شیرین کی پھبن
ہو گیا بیجان جس سے کوہکن

چاہیے پیدا ہو لمین درد و غم
رغبت دنیا ہو تا کچھ دل سے کم

ہے سہر اک اسکا گرفتار بلا
بند ہر ہر جز یہ ہین بے انتہا

کٹ سکین وہ بند کب جز تیغ عشق
محو کب وہ داغ ہون جز تیغ عشق

ظاہری کرتا ہے آخر انتقال
عشق باطن کی طرف بی قیل و قال

اسلیے لیکن مجازی ہے بھلا
تا حقیقی کا ملے اوس سے پتا

گلرخون کے عشق سے کیا ہے فگار
دل لگا اور سیر کر جو ہو پایدار

یار و فرزند و برادر اقربا
ہین یہ سب اک مانع حب خدا

رنگ ظاہر پر جو تو مفتون ہے
طفل نابالغ ہے یا مجنون ہے

مرد وہ ہین جو علائق توڑ کر
رکھتے ہین ایزد تعالی پر نظر

الغرض فقدان و خزان وہ گدا
پیچھے پیچھے مثل سائے کے چلا

سدرہ منتہی کی اور شیر برجی کی رہی
کچھ سنی اسکی نہ کچھ اپنی کہی

آنکھین اسکی آہوی مردم شکار
زلف اوسکی مجمع دلہای زار

تھی محافہ مین وہ رشک ماہتاب
جسطرح برج حمل مین آفتاب

جب وہ پردہ اوٹھ گیا ناخواستہ
پھر گیا مدنام سے آراستہ

مرغ بسمل کی طرح دوڑا جوان
ہو گیا تاریک آنکھون مین جہان

جسم گویا بید مجنون ہو گیا
رعشہ تا دیر اسکے اعضا مین رہا

پھاڑ کر کپڑے دنکو آخر وہ جوان
گرتا پڑتا ہو گیا پیچھے روان

ناوک آہ و فغان شعلہ بار
چرخ کے سینہ سے بھی ہوتی تھی پار

اپنی ہستی سے ہوا بالکل فنا
محو مطلق اس پری رو مین ہوا

اس پری پیکر کی جو دیکھے بہار
ہاتھ سے چھوٹے زمام اختیار

عشق کی ساری ہین یہ گلکاریان
جس سے ہے سرسبز گلزار جہان

شمع پر پروانہ کو مائل کیا
سرو سہی قمری کا گھائل دل ہوا

کان مین مجنون کے پھونکا وہ فسون
عشق لیلی مین ہوا اسکو جنون

شہر و اہل شہر سے نفرت رہی
اور دشت نجد سے الفت رہی

وامق و عذرا کو دی پیوستگی
ہیر اور رانجھے سے کی وابستگی

عشق سے قطع علائق مین نگر
تیغ بران سے زیادہ تیز تر

دام مین حرص و ہوا کی سب ہین بند
بند آہن سے ہین وہ محکم دو چند

گرچہ ہے عشق حقیقی کیمیا
ہے مجازی بھی ولیکن کام کا

گر حقیقی ہو تو پھر کیا بات ہے
ظاہری مین بھی تلف اوقات ہے

جو ہوا عشق خدا سے بہرہ ور
ہے وہ شاہ دو جہان بحر و بر

بت پرستی چھوڑ ہو مشغول کار
بت ہے جو ہو جز حق پروردگار

دل کو تیری جس سے ہو پیوستگی
راہ باطن کی وہی ہے بستگی

جب گیا ماہر کا اوسکی رنگ و بو
کیا کریگا پھر تبا ای نیک خو

مرد بنکر رشتہ دنیا کو توڑ
غیر حق جو کچھ ہے اس سے منہ کو موڑ

اصل تو وہ بھی پیسا یہ ارتھا
تھی ہوئی ظاہر جس سے خوار تھا

ہے بڑی ہی ذلت و کرب و قلق / تو وہی ہی ہو گیا گر جان بحق
پیرہن سو جا سی مثل گل تھا چاک / شمع سان ہو ٹھو پہ آہ سوزناک

شمع رو پر مثل پروانہ طپان / گل پہ بلبل کی طرح گرم فغان
جذب گو کرتا ہے کہ کو کہربا / پر کشش سے عشق کی نسبت ہے کیا

جذب آہن کو ہے مقناطیس سے / جذب دل کا پھر نہیں رتبہ اسے
جاذب و مجذوب مین ہے گو کہ راہ / فرق اسمین ہے بسبب اشتباہ

جذب اسمین گو کہ ہے رقت کمان / وہ رجا وہ خوف وہ الفت کہان
جذب گو ہے لیک درد و غم نہیں / لذت دیدار چشم نم نہیں

عشق سے جس دلمین ہے جوش و خروش / اڑتے ہین برق طپان کے اس سے ہوش
کہربا کہ آہن و آہن ربا / عشق وہ شے ہے کہ دی سب کو جلا

ماسوا دلبر کے جو آوے نظر / عشق کر دے خاک اسکو پھونک کر
یہ زمین و آسمان ہے آسیا / بیچ مین جو آ نکلے آیا سو پیا

یہ زمین ہے سنگ زیرین جا نگیر / اور گردان سنگ بالا چرخ پیر
دانۂ خردل ہے یہ خلقت تمام / انکو دلتا ہے یہ ظالم صبح و شام

آسیا مین دانون کو راحت کہان / عشق و عشرت خندہ و فرحت کہان
اسلیے جو دل ہے غم سے چاک ہے / نیم بسمل بستۂ فتراک ہے

مال و دولت سے زیادہ جس قدر / ہے تجھے اوتنا ہی زائد درد سر
مال و ملک و دولت جاہ و جلال / جسقدر بڑھتے ہین بڑھتا ہے ملال

خلق جسکو جانتی ہے بادشاہ / وہ زیادہ سب سے ہے غم مین تباہ
تیر غم کا ہے نشانہ اوسکا دل / سو بلا مین مبتلا و مضمحل

اوسکے سر پر ساری خلقت کا ہے بار / سیکڑون غم سے ہے دل اسکا فگار
کوئی دنیا مین نہیں ایسا بشر / درد و غم سے جو نہو خستہ جگر

گر عطا یا رب مجھے وہ جام عشق / عالم ہستی میں ہوا انجام عشق
یا الٰہی معرفت کا دے مجھے وہ جام / جس سے خودبینی کا ہو قصہ تمام

مناجات بجناب الٰہی

ای خدا اے مالک ہر دو جہان / مرہم ریش دل غمخوارگان

حسب دنیا مین نہ کر مجکو ذلیل / راہ باطن کی مری ہو تو دلیل
گر سنو تیری طرف سے فتح باب / پھر بھلا کیونکر ہو کوئی راہ یاب

مجکو یون سرگشتہ و رسوا نہ کر / راہ کا میری تو ہی ہو راہبر
یون نہ رہنے دے پریشان و تباہ / دستگیری کر مری اے بادشاہ

ہے شب تاریک رہ مین تیرہ چاہ / رہنما تو ہو تو ہو میرا پناہ
دستگیری کر مری تو اے کریم / تو ہے خود غفار و ستار و رحیم

ہین گنہ گرچہ مرے حد سے برون / لیک رحمت ہے تری اس سے فزون
کیونکہ وہ محدود یہ ہے بے انتہا / فوق ہے او سے اسے رتبہ ہے کیا

ہے یہ رحمت سے تری مجکو یقین / سامنے جب مین ہون یا جان حزین
رحم کا اوس وقت تیری ہو ظہور / ظلمت عصیان مبدل ہو بنور

عشق کس جا لے گیا تجکو حسن / رہ گیا بیچارہ ادہم نعرہ زن
عشق کی باتون کی کب ہے انتہا / عاشق دل خستہ کا کہہ ماجرا

سننے کے مشتاق ہین اہل جہان / پھیر تو بھی اپنے گھوڑے کی عنان

پہونچنا ادہم کا اس باغ مین جہان پر شاہزادی سیر کرتی تھی اور روکنا اور جھڑکنا دربانون کا اندر جانے سے اور مار کر ہٹا دینا ادہم کو در باغ سے

دل پہ ادہم کے ہوا ایسا قلق / رنگ چہرے سے ہوا ایک لخت فق
ارغوانی رنگ جو تھا چھپا / دم کے دم مین زعفرانی ہوگیا

وحشیون کی طرح کرتا تھا نظر / دم میں ادھر اور اک دم میں ادھر
نشۂ الفت سے تھا وہ کو رد کر / تھی کشش دل کی ہی اسکی راہبر

یعنی بیقرار

المال والبنون زینۃ الحیوۃ الدنیا والباقیات الصالحات خیر عند ربک ثوابا

لقد خلقنا الانسان فی کبد

ان اللہ یہدی من اراد الی صراط مستقیم

سنبلستان عشق کی ہین سنگ زار / ور رو ریحان اسکے رستے مین ہین خار
عیش کو رنج اور عشرت کو غمی / ورد کو درد اور رغم کو خرمی
متصل اس باغ کی پہونچا گدا / جسمین تھی وہ رشک مہ رونق فزا
دیکھکر چارو نطرف تختہ السنگ / دل ہوا اوہام کا دوری سے تنگ
باغ کیا گویا تھا وہ حصن حصین / پہونچے وقت سے جہان فکر ستین
بیٹھے دروازے پہ دربان گھات مین / ہاتھ مین تلوار جھر کی بات مین
چھریان باندھی بیٹھے تھی اسنجا بیت / اور بہری کیسک لیصد ہا بکیت
پہونچا او ہم جاکے جب در کے قریب / دوڑے چارو نطرف سے پیہم نقیب
بوسہ لیکن لیکے وہ دہلیز کا / بیخبر بیہوش ہوکر گر پڑا
ہاتھ مین جو کچھ کہ آیا چوب و سنگ / مار کر اوسکو کیا مرگی کی رنگ
بیخودی سی جب وہ آیا ہوش مین / دل سے یون کہنے لگا اس جوش مین
منزل مقصود تو ہے دور تر / جست اور چالاک ہو سستی نکر
خون دل سے اپنی کر پہلے وضو / جب قدم رکھا اسمین از خندہ خو

عشق یارو ہی عجب نادر طلسم / عکس کر دیتا ہی وہ ہر شے اسم
رنج کو گنج اور الم کو نو بہار / آہ سرد خون دل کو جوئبار
باغ کے چارو نطرف پھرنے لگا / اُس پریرو کا ملے جس سے پتا
ہوگیا ناچار وہ بیدست و پا / سامنے دروازہ کے آکر کھڑا
نے نقب نیچے لگانی سود مند / پہونچے بالائی پہ ذ اسکی کمند
تھے مسلح ہر طرف صدہا سوار / اپنے چوکی پہرے سب ہوشیار
جس مکان مین جا نسکتی ہو ہوا / آدمی پہونچے وہان امکان کیا
کی زبانی گو بہت سی دورباش / اور کہین باتین نہایت جانخراش
حالت غش مین گدا کو کھینچکر / باغ کی سرحد سے پھینکا دور تر
مار کر سنگ جفاے دلخراش / کر دیا اسکے بدن کو پاش پاش
تجکو کرنے ہین ہزارون دشت طے / مضطرب کیون پہلی ہی منزل مین ہے
عشق کا ہے وہ راہی دل مقام / اور تیرا اسمین ہے پہلے ہی کام
سن لے مجھ سی بات اک درویش کی / عاجز و دل خستہ و دلریش کی

حکایت عشق فقیر کی چین کی بادشاہزادی پر اور ناحق قتل کرنا شہزادی کا فقیر کو غصے مین آکر

تھا ختن کے بادشہ کا اک اسیر / زہرہ سیما خوبرو رشک قمر
گلشن خوبی مین وہ سرو روان / حسن کے بازار کا نقد گران
جعد مشکین اسکے دام عنبرین / پھنس رہی اسمین ہزارون مہ جبین
ہوگیا احوال اس درویش کا / عشق سی لیلی کی جو مجنون پہ تھا
نعرہ زن وہ شہر مین ایسا پھرا / شہرۂ آفاق الفت ہوگیا
عشق و مشک آسمین دو ہمراز ہین / بے کہے اور بے سنے غماز ہین
تھی ہر اک محفل مین اسکی گفتگو / جابجا کو بکو و سو بسو
کر نہ ہرگز تو کہین افشای راز / باب آفت تا نہو وے تجھپہ باز
دشمنی تو جان سی اپنی نکر / ہے اس افشا مین ترے جی کا ضرر
صبر کر اور بھید کو اپنے چھپا / تا ترے امید بر لاوے خدا
تند گو اسوقت دیتا ہے مزا / منفعت مین لیک حنظل ہے سوا

شوخ و شنگول آفت سر جان و دل / بات جس سے ہون بت چین و چگل
شکل گو اسکی پری پہونچے نہ حور / قدرت حق نے کیا اسمین ظہور
دیکھکر اس ماہرو کو اک فقیر / ہوگیا دام محبت مین اسیر
جسطرح شیرین پہ تھا غش کوہکن / غم مین یوسف کی زلیخا نعرہ زن
عشق جب آیا تو خاموشی کہان / پردہ پوشی اور سرگوشی کہان
عشق کا درویش کے چرچا ہوا / بام سی وہ طشت زرین گر پڑا
خلق نے اوسکو بہت کی وعظ و پند / اور کہا اس بات سے کر لب کو بند
ہوش مین آیا وہ گو اسسے گذر / تا نہو اس راز کی شہ کو خبر
استعانت چاہ تو کتمان سے / تو بچا وے جسمین اپنی جان سے
شہد حنظل کو نہ سمجھے پند کو / بیش اہل ذوق لیکن قند ہو
حال کو تو چھوڑ دیکھہ اسکا مآل / تا نہو وے شے ترے جی کا وبال

دیکھتے ہیں مرد حق پایان کار
مرد اول ہیں ہیں سب سوا و خوار

کر رہی تو کام ای فرخندہ خو
آخرت میں جس سے ہووے سرخرو

عاشق مسکین کو کیونکر صبر ہو
تاب کب آئے دل بیتاب کو

حاسدوں نے بھی کیا اتنو تو تیز
عاقبت ذی اس سے لی راہ گریز

اسطرح اوسکو دلائی عار و ننگ
حیف سے آتش ہو گیا وہ شوخ و شنگ

بے تامل کہہ دیا جلاد کو
قتل کر اس بیدل ناشاد کو

ہو نہ رنگین خون میں جبتک زمین
یاوہ گوئی سے وہ بچنے کا نہیں

آتش سوزان ہے قہر بادشاہ
رو برو اسکے ہے خلقت برگ و کاہ

اسلیے فرماتے ہیں خیر الوریٰ
عالموں کو جانو تم شمس الضحیٰ

اہل حشمت پاس عالم جاہی کر
خائن اسکو سمجھو کمین سربسر

بندگان حق ہیں مسکین و غریب
کبر سے دور اور ذلت سے قریب

پک کے گر پڑتا ہے میوہ خاک پر
خام ہی جبتک ہے افلاک پر

دور تر بستی سے جا کر ایک جا
سر کیا درویش کا تن سے جدا

کچھ بھی اس درویش نے مارا نہ دم
جان دینے میں رہا ثابت قدم

جو ہوا قطرہ زمین پر جا بجا
تھا وہ شہزادی کا نام دلربا

مرغ بوقلموں ہے اس سے بھی عجیب
نقش اک ظاہر کیا ہے ای حبیب

گوے کی مانند سر غلطاں ہوا
لوٹتا پھرتا رہا وہ جابجا

ہو کے قربان گرد اسکے سات بار
دیکھکر سب کو ہی چشم اشکبار

پیچھے پیچھے خلق باخیل سپاہ
آگے آگے سر رواں با درد و آہ

رفتہ رفتہ پہونچا شہ کے گھر کے پاس
جب تھے خلقت کی اڑی ہوش و حواس

بادشہ سنتے ہی اس احوال کو
آپ آیا سر کے استقبال کو

گوے سا پھرتا تھا سر جو سو بسو
شاہزادی کی فقط تھی جستجو

کچھ مآل کار دل میں سوچکر
لایا شہزادی کو وہ گھر سے بدر

اس کٹے سر میں طپش ہے کسقدر
جذب الفت کا سقر ہے اثر

تو اگر اس کو روکے گا کہیں
یہ کسی جا پر نہ ٹھہرے گا کہیں

زندگی دنیا کی بھی ہے مستعار
آخرش عقبی ہی ہے سبکو کار

بسکہ وہ درویش از خود رفتہ تھا
منع شہ سے دو چند عشق اسکا ہوا

عشق کا ہوتا ہے جس دل میں ظہور
عقل کوسوں بھاگتی ہے اس سے دور

شاہزادی پر کیا پایان کار
راز غمازوں نے اسکا آشکار

تند باتیں سنکے وہ ایسا ہوا
غصے میں اک اور بگولا بن گیا

ہے یہی کردار کی اسکی سزا
جو مجھے رسوا زمانہ میں کیا

بسکہ تھا غصے میں شہزادی کو جوش
عذر خواہی سے ہوئی خلقت خموش

کاہ کو آتش سے لازم ہے حذر
ورنہ جلکر خاک ہو وہ سربسر

گر امیروں سے کریں وہ اختلاط
تمکو پھر لازم ہے اونسے احتیاط

اختلاط اہل ثروت ہے بجا
اونسے جو کوئی ملا خائن ہوا

عجز و غربت ہی وہاں منظور ہے
کبر ہے جسمیں سو حق سے دور ہے

آئے پھر سرہنگ بہر دار و گیر
لیگئے درویش کو کرکے اسیر

مرغ بسمل کی طرح تڑپا وہیں
خون سے اوسکے ہوئی رنگین زمین

تھا زمیں پر قطرہ خون گدا
نقش حرف پاک نام دلربا

کر دیا لوح زمیں پر یک قلم
نام شہزادی کا او ہوئی رقم

کاٹا سر خنجر سے جب درویش کا
اوس فقیر خستہ و دلریش کا

تھی کھڑی اسجا پہ جو خلق خدا
گرد اسکے حلقہ زن وہ سر ہوا

خون چکاں آخر زمیں پر لوٹتا
شہر کے جانب رواں وہ سر ہوا

دیکھکر یہ طرفہ نادر ماجرا
جو وہاں حاضر تھا وہ حیران تھا

جسمیں رہتا تھا وہ زیبا نازنین
رفتہ رفتہ آخرش پہونچا وہیں

بازبان حال کہتا تھا وہ سر
ہوں نہیں مشتاق وصال سیمبر

چشم سے عبرت کی شہ نے کی نظر
اس فقیر کشتہ شہزادہ پر

اور کہا اس سر کو ہاتھوں سے اوٹھا
اضطراب اسکا کہیں کم ہو ذرا

برخلاف طبع جو اس سے ہوا
عشق کے ہیں کام اس سے بھی سوا

عشق کی تاثیر الفت کا اثر
کچھ نہیں موقوف شہزادی پہ یہ

۱ کہربا دل ہو ندا ہے کاہ پر
گزرا اوسکی کشش پر تو نظر
دیکھ حال ایجان مقناطیس کا
کیا ہی اُسکا جذبہ ہے آہن ربا

کوہ مین گر ہو نہ شغل جور چھپا
کب بدخشان مین ہو لعل بے بہا
گر صدف کو عشق پانی کا نہو
قطرہ قطرہ گوہر یکتا نہو

اس جہان کے کام کا سب انتظام
عشق ہی پر منحصر ہے والسلام
سر کو شہزادہ نے لیکر ہاتھ پر
اپنے سینہ پر رکھا با چشم تر

بعد اسکے پھر نکی جنبش ذرا
مقصد قلبی جو تھا حاصل ہوا
اپنے پاؤن یار کے گھر سے گیا
آیا سر لے پاس دلبر کے گدا

شاہزادہ نے بعز و احترام
دفن کا اوسکے کیا پھر اہتمام
دیکھکر یہ حال وہ جان جہان
اسقدر رویا کہ یارب الامان

اپنی اس حرکت سے وہ نادم ہوا
شور کیا جب تیر زہ سے چھٹ گیا
ابتدا مین سوچنا ہے سودمند
حرف بیجا سے کر اول لب کو بند

دلمین کر تجویز پھر لب کو وا
تا وبال جان ہو تیرا کسا
ہے زبان تیری کلید قفل دل
وہ نہ کہہ تا حشر مین ہو منفعل

توڑنا شیشہ ہے سہل ای خوشخصال
لیک پھر پیوند اسکا ہے محال
باز رہ اول گنہ سے ای جوان
تا نہو آخر کو تو خوار جہان

گرچہ توبہ پیش خدا مقبول ہے
کنہ اوسکی لیک پس مجہول ہے
جو ندامت چاہیے توبہ مین یار
وہ نہین ہر وقت ہوتی آشکار

وہ ندامت تیری قابو مین نہین
چاہ کی اندر نہ گر ای مرد دین
اس بھروسے پر نکر ہرگز گناہ
بخشدیگا جرم سے توبہ الہ

چاہیے توبہ مین جو صدق یقین
تیرے دلمین لاکھوان حصہ نہین
زہر ہے ہی پاس ہو تریاق گو
آگ سے بچ گرچہ پانی پاس ہو

گرچہ حکم انداز ہو ای جان تر
ہو نہ ہرگز شیر نر کے دو بدو
پیر نا آتا ہو گر تجکو ہزار
قصر جیحون مین نہ لے غوطہ نہار

حزم سوء الظن کو کر تو اختیار
کار بد سے دور رہ ای مردکار
آشنا رویا غم مین اُسکے ماہرو
دھو یا آب اشک سے سر کا لہو

اشک سے اپنے دیا نالا بہا
پھر اُسی پانی سے غسل اُسکو دیا
آخرش رومال مین دھر کر وہ سر
دفن بارہ کر دیا بیرون در

پھر وہان اک خانقاہ آسا بنا
گرد مرقد کے مکان دلکشا
لذت دنیا کو مطلق چھوڑ کر
بیٹھا اُس مرقد پہ وہ بیما بسر

سر کیا جب راہ دلبر مین فدا
وصل تب معشوق کا حاصل ہوا
ایک سر کیا ہے ہزارون سر فدا
گر گری دلبر پہ اپنے ہے بجا

جان و تن کو کر گیا تاراج عشق
تو سمجھ اوسکو کہ ہے معراج عشق
جب سنی ادہم سے دلکی داستان
سر کے دینے پر ہوا حاضر بجان

دل نے ادہم کو دیا سنکر جواب
مجکو کچھ ہے گر نہ ہوگا اضطراب
لاکھ جی آدمی اگر فرضا حسن
وہ بھی مین کر دون فدا اسی تن

اتنے مین پھر شور و غل برپا ہوا
یعنی اپنی گھر چلی وہ دلربا
ہو کے پھر اپنی محافہ مین سوار
شہر و صحرا کو کیا باغ و بہار

اطلس و دیبا و زربفت و قصب
سندس و استبرق و خز و عنب
تن پہ ہر اک کے یہی پوشاک تھی
ارض صحرا رشک صد افلاک تھی

بادل پر درد گریان زار زار
پیچھے اُسکے ہو لیا وہ دلفگار
گھر مین جب داخل ہوئی رشک قمر
رکھیا ادہم کھڑا بیرون در

مثل آئینہ کے بھوچکا رہا
سر کو دیوار دلنشی ٹکرا تا رہا
پوچھا دربانون سے یہ جان جہان
کون تھی کچھ پہ محافہ واسکا نشان

رحم لیکن کرکے میری حال پہ
نام سے اُسکے مجھے دیجے خبر
تا کرون اُس نام کو ورد زبان
پر شکر ہون تمام کام و دہان

بولے دربان ای فقیر خستہ جان
ہے یہ لڑکی دختر شاہ زمان
اس خیال خام سے اپنی گذر
تا نہو اس بات کی شہ کو خبر

بادشہ کا غصہ ہے قہر خدا
اُس سے ڈر لازم ہے ای مرد خدا
پوچھا اُسنے کہ کہان ہے بادشاہ
جسکی دختر ہے یہ رشک مہر و ماہ

رونق افزا ہے کہان مجھسے کہو — تا کرون آداب مین اس شاہ کو
ہفتے مین اکدن مقرر تھا وہان — بیٹھتا تھا بر ملا شاہ جہان
حکم چاوشون کو تھا میر و گدا — جو کوئی چاہے وہان آوے چلا
جسکو جسکے ہاتھ سے تکلیف ہو — بر ملا ظاہر کرے اس ظلم کو
کوئی مانع ہو نہ اسکا زینہار — داد کو تا پہونچے ہر مظلوم و خوار
پوچھا جب ادہم نے شہ کا ماجرا — اتفاق وقت سے وہ روز تھا
کر رہا تھا پادشہ دربار عام — تھا وہان خلق خدا کا ازدحام
ایکدربان نے دیا شہ کا پتا — اور اس فقیر خستہ خاطر کو بتا

جانا ادہم کا پاس بادشاہ بلخ کے اور سوال کرنا اپنے نکاح کا بادشاہ کی دختر سے

شاہ والا جاہ کا پا کر پتا — بر سر دربار ادہم بھی گیا
دم بخود حیران و ششدر بستہ لب — ایک گوشہ مین کھڑا تھا با ادب
راست جانب پر کھڑا تھا جو وزیر — صاحب حشمت امیر بے نظیر
بادشہ نے حکم یہ اوسکو دیا — پوچھ جا کر حال اس درویش کا
کس لیے غمگین و حیران ہے کھڑا — مدعا کیا ہے دل درویش کا
عرض مطلب جو کرے مجھسے گدا — جلد تر کر اوسکی حاجت کو روا
گر عطا ہوتے اسے مطلوب ہو — گو کہ وہ کیسی نفیس و خوب ہو
رد نکرنا چاہیے اسکا سوال — کیونکہ لا تنہر ہے قول ذوالجلال
مالک افلاک و دارا ے جہان — رد نہین کرتا سوال عاجزان
ور نہ ہو تیری دعا مین گر کہین — وہ توقف خالی از حکمت نہین
ہو اگر وہ شئے تری حق مین زبون — رد ہی اسکا سوا [illegible]
بہتر اس سے دیگا رب العالمین — لینے جاے سم قاتل انگبین
لیک کب سمجھے اسے عقل بشر — عقل کل سے فہم سے جو ہو بدر
جوش خون گر طفل کو ہو [illegible] — قند کے دینے سے ہے اوسکو ضرر
طفل گر درد سے مانگے انگبین — باپ حنظل کے سوا دیتا نہین
کیونکہ معلوم اسکو ہے اسکا اثر — طفل ہے نفع و زیان سے بیخبر
تو تو ہے جویاے مال و سیم و زر — اسکے اندر ہے ترے جی کا خطر
تو حماقت سے کیا چاہے سوال — اور وہی ہے جان کا تیری وبال
اسلیے کرتا ہے رد اسکو خدا — تا نہو تو سو بلا مین مبتلا
جانتا بہتر ہے وہ رد و قبول — اسکے دینے تو نہو اے بو الفضول
سنتے ہی جھٹ پٹ وزیر باوفا — بادشہ کے حکم کو لایا بجا
آکے ادہم کو کیا اسنے سلام — بر طریق سنت خیر الانام
بعد ازان پوچھا بیان کر مدعا — کیون کھڑا ہے مقصد قلبی ہے کیا
ہے یہان آنے سے کیا تیری مراد — کر بیان تا ہو روا تیری مراد
پوچھتا ہے حال تیرا بادشاہ — کس لیے ہے یون تری حالت تباہ
دے تامل اس سے ادہم نے کہا — دختر شہ پر ہوا ہون مین فدا
بادشہ سے کہکے تو میرا سلام — بعد اسکے پھر یہ کہدینا پیام
جلد کر بہر خدا بہر خدا — عقد شرعی اپنی دختر سے مرا
گو کہ مین درویش ہون مفلس غریب — حسب مین اور نسب مین ہون نجیب
تو کریگا آخرش اسکا نکاح — مجھسے کر تا دو جہان مین ہو فلاح
گر نہ ظاہر ہو کسی کے بر نظر — بندے ہین اک مولا کے ہین سارے بشر
جینے جی تک فرق ہے ہر بات کا — بعد مرنیکے چہ شاہ و چہ گدا
آگے حق کے اے وزیر بے نظیر — ایکسان ہین ہم امیر و ہم فقیر
سنکے یہ باتین وزیر آتش ہوا — پس غضب سے برق و شعلہ بن گیا
اپنے دل ہی مین کہا کچھ نا صواب — پر نہ ادہم کو دیا اسنے جواب
تلملا بیٹھا ہوا غصہ مین بھرا — پھر اسی جا پر ہوا جا کر کھڑا
گو کہ غصہ کا نہایت جوش تھا — رعب سے شہ کے وہی خاموش تھا
روکنا غصہ کا ہے مردون کا کام — کاظمین غیظ کب ہوتین عوام
باد نار جہنم ہے غضب — سد رحمت ہو مومن کا لکے کب
غصے کو تو دل کے اندر جذب کر — رنگ تا جلکے اس سے ہو بر بر

دل ہی دل مین یہ کہتا تھا وزیر
ہے بڑا بیباک یہ مرد فقیر

بعد ساعت کے کہا شہ نے کہ ہان
عرض کر حال فقیر خستہ جان

سنکے یہ بولا وزیر خوشخصال
عرض کے قابل نہین اسکا سوال

طبع کو سننے سے جسکے رنج ہو
عرض ای شہ کیا کرون اُس بات کو

بات کوئی دیتی ہی آتش لگا
اک سخن ہوتا ہے دُر بے بہا

ملتئم ہوئین جراحات سنان
اچھا ہوتا ہی نہین یہ زخم زبان

کچھ نہین معلوم جبتک لب ہین بند
سعدیا حنظل ہے اندر یا کہ قند

ہی یہ گویائی طلسم بے نظیر
سوچ کر کہہ تو کلام دلپذیر

اک سخن کہنے کو ہو صد جہان
اک سخن سے ہو جہنم مین مکان

چاہیے پرہیز اور حفظ لسان
تا کہ ہو سر دفتر اہل زمان

گو نکی اُسنے زبان سے قیل و قال
پر عیان تھا اُسکے چہرے سے ملال

وضع درویشانہ اُسکی دیکھکر
شاہ کے دل پر ہوا اتنا اثر

مرد حقانی کی پیشانی کا نور
کب چھپا رہتا ہی پیش ذی شعور

رعب شہ پر یہ ہوا جو صاحب لوے
ہیبت حق ہی نہین یہ خلق سے

مرد حق تنہا نہین ای بدگمان
وہ نہان رکھتا ہی فوج بیکران

اہل دل ہین سب لوگونکے بادشاہ
گو کہ ظاہر مین ہو یا حال تباہ

بسکہ معنی رکھتی تھی یہ جو عصا
لشکر فرعون کو غارت کیا

کیا ہی وہ راز نہانی ای فقیر
جسکو سنکر ہو گیا برہم وزیر

بندہ عاجز ہون مسکین و نحیف
کمتر از خار و خس و مور ضعیف

شہر مین آیا تھا بہر سیر آج
دل کے بہلانیکو تا خوش ہو مزاج

قدرت حق سے چلی ایسی ہوا
اُس محافہ کا دیا پردہ اُٹھا

تیر مژگان ہو گئے سینے کے پار
مین ہوا سو جان سے اُس پر نثار

جسنے دی یہ دولت و ثروت تجھے
جسنے دی یہ خوبی و حشمت تجھے

ہوش و گوش و عقل و دین و ذکا
ہمت و جود و کرم لطف و سخا

بہر حق تو کر مری حاجت روا
حق تری مشکل کا ہو مشکل کشا

بینوائی مین ہی یہ کبر و منی
یہ بشک لایق گردن زنی

کیا کہا ہی کیا کیا اُسنے سوال
کر بیان مجھسے مفصل اسکا حال

جو کہا ہی اُسنے ای شاہ زمن
مین نہین کہ سکتا ہرگز وہ سخن

سینہ مردم ہی صندوق ای امیر
ہی زبان منھ مین کلید خیر و شر

ہی زبان تیری کلید سر غیب
لفظ ایسا تو نہ کہ جسمین ہو عیب

گر ضرورت مین لبونکو اپنے وا
لیک ہو ہر حرف دُر بے بہا

جب کیا اپنے لبونکو تونے وا
راز سربستہ ہویدا ہو گیا

ہی اسی سے جان کا تیری خطر
اور ملتا ہی اسی سے سیم و زر

ایک کلمہ سے ہو ظاہر صدق و دین
ایک سے پیدا ہو بغض و کذب و کین

شاہ نے ہر چند کی تفتیش حال
کچھ نہ بولا وہ وزیر خوشخصال

آخر ادہم کو بلایا شاہ نے
سامنے اپنے بٹھایا شاہ نے

دلمین سمجھا ہی یہ مرد باخدا
عابد و زاہد کریم و پارسا

ہی اثر سنجیدگی کا سیما سے عیان
پیش چشم عاقلان و کاملان

آگے تنہا غیب سے سب انبیا
بادشاہونکو مطیع اپنا کیا

حفظ حق ہر وقت ہی اُسکا معین
تھا مرید [illegible] نہین

حال ظاہر پر نہ کر ہرگز نظر
معنی ہین لفظونکے اندر غور کر

شہ نے پوچھا با ادب درویش سے
کر بیان جو کچھ تمنا ہے تجھے

جب کہا ادہم نے ای شاہ زمان
دو مہینے سے ہو نہین وارد یہان

مینے دنیا دیکھکر ناپایدار
کی ہی اول سے فقیری اختیار

بادشاہزادی محافہ مین سوار
پاس سے گذری مری ای نامدار

ہر جبین خورشید سے یکسو ہوا
حل ہوے معنی شمس والضحی

ہی یہی تجھسے فقط میرا سوال
بہر ذات پاک حق ذو الجلال

جسنے بخشا ہی تجھے یہ عز و جاہ
دیدیا بے حد و عدد ملک و سپاہ

اس عطا پر اُسکے تو کر کے نظر
عقد شرعی میرا اُس دختر سے کر

تو ہو گر اس کام کا میرے کفیل
حق تعالی ہو ترا نعم الوکیل

جراحات السنان لہا التیام
ولا یلتام ما جرح اللسان

رو کیا تو سنے اگر میرا کہا
جب نہ مانا وصل یار سے
دل میں کچھ انکار سے بھی غرض تھا
عار دنیا کی ہے ستر راہ ہی
ہین بہت سے کام نہ مرغوب طبع
شرع نے آسان سب سمجھا کیا
عار کو اور ننگ کو مانا ہر کسی نے
مین سمجھا دونگا پھر اسکا سبب
درد دل ہے اپنی تو مجبور ہے
ہے جو مانع ہر کا سبب اور یہ نسب
جب کہا ادہم نے اے شاہ جہان
شاہ مرشد مانع ہی ہو دین متین
صحبت حق رہنمای گمرہان
روز محشر کی عمل سے ہو سوال
وان نہین ہرگز نسب کچھ کام کا
شاہ نے سنکر کہا درویش سے
کیونکہ اپنی قوم مین تو ہے شریف
ہو مرے گھر مین ہین خویش و اقربا
خاطر ناشاد کچھ خرم ہوئی
ہوش و دنیا کا نہ غم دین کا رہا
[illegible] شاد ان سے کوئی ہو جستجو
ہے بہت زخار دریای خیال
سبز تر دائم خیابان خیال
کام مین [illegible] خیال
علم باطن کیا ہے تصحیح خیال

جان بحق مین تیری کہتے ہی ہوا
کب ہون پھر مانو مین حسن ارسطے
تاکہ یہ منھ سے کرے کچھ بد دعا
کاربی ہین سب کو یہ کبر و منی
اوس نے تو رستا ہے محجوبای نہین
اپنی کمبختی سے تو رسوا ہوا
نیک و بد سے اس جہان کے منھ کو موڑ
دل میان بیٹھ کے تو کرنا اضطراب
بیٹھتا ہے جو کوئی معذور ہے
ہر ہر اک کے واسطے بند عجب
ہے نجابت میری چہرے سے عیان
واقف اسرار علم مرسلین
سیف مسلول و پناہ دو جہان
کچھ نسب سے ہو وہان کب قیل و قال
ہین یہ تقییدات ظاہر ہی فنا
عاشق دل خستہ و دلریش سے
صورت و سیرت مین پاکیزہ لطیف
مصطفی اوس نے بھی ہین کر لو فدا
وہ شراب و ربکی بھی کم ہوئی
تھا خیال وصل دلبر مین فنا
دیکھیے جسکو وہ ہے مست خیال
عقل سے باہر ہے بینای خیال
بیخزان ہے یہ گلستان خیال
ان خیالات دلی پر خاک ڈال
علم ظاہر کیا ہے تفضیح خیال

تن مرا مثل حباب بے بقا
جب سنی درویش کی منھ سے یہ بات
مانع اقبال عار و ننگ تھا
راہ مولا سے ہے مانع ننگ و عار
سہل کو کرتے ہین عار و ننگ سخت
کیون ہے طالب بیخبر تو نام کا
شاہ نے بعد از تامل یہ کہا
گرچہ ہے یہ داب شاہی کی خلاف
مجھسے کر اپنے نسب کا تو بیان
آدمی کیواسطے قید نسب
جد اعلی ہین مرے حضرت عمر
قاتل کفار محبوب خدا
گو نسب اسقدر نہین کچھ کام کا
فاطمہ کو جسکہ فرماوے نبی
جب سنی ادہم سے شہ نے یہ خبر
گر کرون دختر کو تم سے نامزد
مشورت درکار ہے اسمین ولیک
پائی جب یہ مرضی شاہ جہان
تھی زبس دلمین تمنای وصال
ہے یہی دنیای دون کا ماجرا
ہے اسی سے غم اسی سے بے غمی
ہین گہر اسکے نہایت آبدار
گل ہین رنگین بس چمن کے خوشنما
دمبدم تازہ خیالات ای پسر
صاف کر تو ذہن خیالات ای پسر

ہے ہوای وصل دلبر سے بھرا
رہ گیا خاموش شاہ نیک ذات
اسلیے وہ دلمین انتہا تنگ تھا
اسلیے کرتا ہی تو بیہودہ کار
موم کو کرتے ہین مثل سنگ سخت
کام وہ کر جو ہو تیری کام کا
مدعا دریافت تیرا ہو گیا
سنے گستاخی یہ تیری کی معاف
کون ہے تو کیا ہے تیرا خاندان
بند آہن سے ہے سخت ای باحسب
قامع بدعات و کفر و داد گر
رستم دوران شہ با وفا
لیک فاروقی ہو مین بیشک شہا
اعلی یا بنت احمد اعلی
ہو گیا فی الجملہ کچھ دل پر اثر
قبح کچھ اسمین نہین نزد خرد
تاکہ ہو دریافت اسکا شر و نیک
جانب صحرا ہوا ادہم روان
ہو گیا وہ غرق دریای وصال
ہے خیالون پر فقط اسکی بنا
ہے اسی سے عیش خلق و خرمی
دیکھیے جسکو ہے سرشار ہوا
ایک سے ہے ایک دونا آبدار
غیب سے ہوتے ہین ہر دم جان پر
تاکہ ہوون از دل مین جلوہ گر

کرتا اونکو صرف ہرگز بے محل
غیر ذات پاک حق عز و جل

آپ فرماتا ہے وہ رب الورا
ہون مین وہ جو مجھ سے ظن ہو عبد کا

یعنی جو بندہ کرے مجھ پر یقین
مین بلاشک اسکے حق مین ہون وہی

یہ اشارہ ہے کہ ظن کو نیک کر
تا ہو مدا تجھ پہ ہو اسکا اثر

لیگیا کیدہر حسن تجکو خیال
گر بیان ہو سب کے تو ادہم کا حال

اس سخن کی کچھ نہین ہے انتہا
قصہ باقی ماندہ اب ہمکو سنا

عشق صادق فاش ساز راز ہے
خرق عادات اس سے آخر بیشمار
ہم امیر و ہم وزیر و بادشاہ
خلق سے مخفی روانہ وہ ہوا
پہونچا بیت اللہ مین وہ دین پناہ
حج جملہ حاجیان مستمند
حج رب البیت ہے ہر دونکا کام
وہ زیارت کو پیمبر کے گیا
محرم راز جناب کبریا
عروۃ الوثقای اصحاب یقین
تھا اگر لب ہوگیا لب لباب
فیض باطن اسنے بھی حاصل کیا
تو بھی ہے اسکی تجسس مین صدا
تو کبھی کیونہی نہو یہ استان
اسکی عصمت اور عفت پر زرا

تھا فنا فی اللہ کا رتبہ اسے — عادۃ تھا آدمی کہنا اسے
تھا زبس آئینۂ دل منجلی — نور حق سی تھا وہ بالکل متجلی
جسم ابراہیم ظرف عشق تھا — عشق کی مے سے لبالب ہو گیا
عشق ذی کی جس کسیکے دلمین جا — کب سماوے اوسمین دلبر کے سوا
عشق ہے وہ برق خالف ای پسر — غیر دلبر کا کرے جو قطع سر
ہو رہی سوز اول خلقت مین عشق — غیر سے رکھتا ہے ضد طینت مین عشق
سیل حوا پر جو آدم کو ہوا — عشق نے کیا کیا اسے رسوا کیا
غیر حق پر جب گئی اوسکی نظر — عشق نے اوسکو کیا زیر و زبر
غیرت عشق جدائی نے کیا — تا ز نعمت سی بہشتونکے جدا
گر نکرتا غیر پر اپنی نظر — ہوتا کیوں یعقوب بالکل بے بصر

حال پسر حضرت ابراہیم کا کہ وقت ترک دنیا کے صغیر السن تھا اور بعد بلوغ بادشاہ بلخ کا ہوا پھر حال باپ کا سنکے کعبہ شریف مین زیارت کو گیا باپ کا بیٹے سے ملکر خوش ہونا تخم الفت کشت دل مین بونا پھر ہاتف کی آواز کہ دعوے عشق خدا مین غیر سے محبت کرنا اور ابراہیم کا منفعل ہو کر دعا مانگنا بیٹے کا مرتا

گوش جان سے پنبۂ غفلت نکال — عشق کا معلوم ہوتا تجھکو حال
رکھتا ہے جو دعوی عشق خدا — امتحان کرتا ہے حق اس شخص کا
اقتباس النور مین یون ہے لکھا — جبکہ ابراہیم تاج اولیا
ترک دنیا کو برا ایش نظر — ہو گیا اور درویش شاہی چھوڑ کر
ایک تھا اونکا صغیر السن پسر — مشتری و ماہ سے رخشندہ تر
بعد اوسکے جبکہ وہ بالغ ہوا — مسند شاہی پہ بیٹھا اونکی جا
بلخ مین کی حکمرانی چند سال — نظم و نسق ملک مین جو بہ کمال
سنکے خلق اللہ سے حال پدر — ترک کر درویشی کا اونکی سر بسر
چھوڑکر ظاہر کا عز و احترام — کرنا بیت اللہ کے اندر قیام
اشتیاق اوسکو زیارت کا ہوا — قصد بیت اللہ کا اوسنے کیا
سونپ کر دستور کو سب کاروبار — راہی کعبہ ہوا وہ نامدار
کھینچ کر تکلیف و رنج بیحساب — پہونچا کعبہ مین شہ عالیجناب
دیکھکر اک دور تر بستی سی جا — فوج کا اپنے وہان ڈیرا کیا
با پیادہ پھر ادب سے با نیاز — شہر کے اندر گیا وہ پاکباز
تا زیارت سی پدر کی شاد ہو — خانۂ دل وصل سے آباد ہو
با کمال اشتیاق و آرزو — کرتا پھرتا تھا پدر کی جستجو
الغرض بعد از ہزاران التماس — خانۂ کعبہ مین وہ پاکی اساس
اور شہ نیکو سیر سے مل گیا — دیکھکر یہ اونکے قدمون پر گرا
اور بتلایا اپنا سب نام و نشان — اسکے ملنے کے لیے آیا یہان
دیکھکر بیٹے کو بشاداں ہوا — خانۂ دل اسکا آباداں ہوا
اپنے سینہ سے لیا اوسکو لگا — اور تفقد حال کا اوسکے کیا
شفقت و الفت سے احوال پسر — ابتدا سی انتہا تک سب پوچھ کر
طور و طرز و دین و آئین پسر — شرع احمد کے مطابق دیکھکر
اپنے دلمین وہ نہایت خوش ہوا — بیٹے پر لطف و کرم بیحد کیا
وصل سے بیٹے کی شاداں دیکھکر — ہو گیا ناراض چرخ فتنہ گر
در پئ تکلیف و ایذا ہو گیا — بے تامل ہو گیا دست جفا
ہے یہ وہ سفاک ظالم سنگدل — رکھتا ہے ہر اہل دل کو تنگدل
خوشدلی اسکو پسند آتی نہیں — راحت اسکو مطلقا بھاتی نہیں

مثل گل اگر دم اگر کوئی ہنسا
سو بلاؤں میں یہ دیتا ہے پھنسا
ایکدم کی ہو اگر خندید گی
عمر بھر دیتا ہے یہ رنجیدگی

رات دن کی گردش چرخ بریں
ای مری جان خالی از حکمت نہیں
چشم انجم سے سدا یہ خیرہ سر
ہر بشر پہ اپنی رکھتا ہے نظر

رہتا ہے یہ ہر بشر کی گھات میں
تا نہو فرحت اوسے در ذات میں
نوش دنیا میں ہے مخفی زہر غم
قند لذت میں ہے پنہاں قہر غم

اس قفس میں قید ہر جاندار ہے
محتبس اندر دہان مار ہے
جای ماندن ہے نہ ہے راہ گریز
گھر نہ عشرت کا نہ جای خفت و خیز

تو جسے سمجھا ہے دنیا میں سرور
مخزن غم ہے وہی ای بے شعور
تو جسے بوجھا ہے ہر شی سے عزیز
باب آفت ہے وہی ای بے تمیز

کیونکہ آخر ہوگا اس شے کا زوال
ہے زوال اسکا تری جی کا وبال
تو اسے پہلے ہی دل میں جا نہ دے
تا بلائے ناگہانی سے بچے

رنج و محنت کھینچکر ہفتاد سال
جبکہ ابراہیم فرخندہ خصال
بلکے بیٹے سے ذرا شاداں ہوا
غیب سے آئی وہیں اوسکو ندا

طالب حق ہو کی ای نیکو سیر
کفر ہے پھر غیر پر رکھنی نظر
منہ سے کرنا دعوی حب خدا
غیر کو پھر دینی اپنے دلمیں جا

حب حق ہو دلمیں یا حب پسر
جمع ان دونوں کو تو یکجا نکر
عشق صادق ہے دوئی سوز ای گدا
دلکو اپنے اک صنم سے تو لگا

الفتیں دو جمع ہوں اک دل میں کب
گر نہ عاشق ہو کی غیر حق کی طلب
عامیوں کو جو کہ ہیں اچھی صفات
خاص کے حق میں وہی ہیں سیئات

عام کے حق میں سب شی ہیں حسن
خاص کی نسبت ہے کفر ذو المنن
ابتلا میں ہیں سدا خاصان حق
رنج میں سرتا پا خاصان حق

سنکے ابراہیم وہ غیبی ندا
اپنی اس تقصیر سے نادم ہوا
عذر میں تقصیر کے وا کی زبان
بادل پر درد و چشم خون چکان

یوں لگا کہنے کہ ای رب جہان
رہنمای عاجزان و گمرہان
بندہ ناکون ہی قصور و ننگ عبد
بند بند بندہ ہے بند کمند

عجز و بی کیونکر نہو انسان سے
ہے مرکب آدمی نسیان سے
مادہ انسان کا نسیان ہے
سرزد اس سے دمبدم عصیان ہے

گرچہ اس سے ہو خطاؤ گمرہی
جرم و فعل ناسزاؤ گمرہی
تجھسے زیبا ہے عطاؤ درگذر
بخشش عصیاں پہ رحمت کی نظر

تو ہے غفار الذنوب عاصیان
تو ہے ستار العیوب عاصیان
تو ہے غفار و کریم و کارساز
بندہ پرور مالک و عاجز نواز

ہمسے طغیان و فسق و سرکشی
تجھسے بندہ پروری ہوتی ہی
عفو کر یا رب یہ بندی کی خطا
اور یہ پردہ جو حائل ہے اٹھا

مجھ میں او رتجھ میں جو حائل ہے حجاب
شاہد مقصود پہ مثل نقاب
درمیاں ہے اوسکو بھی جلدی اٹھا
قلب میں تا دوسرے کی ہو نہ جا

جو کرے بندہ کو مالک سے جدا
ہے وہی بت بلکہ ہے بھی سوا
غیر حق کو ہو تری جسپر نظر
ہے وہی طاغوت تیرا ای پسر

توڑتا ہے تو جو تبخانے سدا
تیری اندر بت ہیں انسے بھی سوا
بت پرستی پہ ہے غیروں کی نظر
ہے تجھے اپنے غافل بے خبر

چھوڑکر تبخانہ و طاغوت و دیر
اپنے کر باطن کی تو للہ سیر
اپنے تبخانے کو پہلے توڑ تو
کیجیو پھر دوسری کی جستجو

پہلے انکو توڑ کر مسمار کر
پھر کنشت و دیر پہ کیجو نظر
توڑنا تیجھکا بہت مشکل نہیں
توڑ دے جو باطن کی بت ہے مرد دین

نفس بت کو ہے جراحت میں خیال
بت پرستی میں ہے تو آشفتہ حال
مرد کامل آپکو بوجھا ہے تو
یہ بھی ہے اک مکر نفس فتنہ جو

آپکو سمجھا ہے تو مست الست
تو حقیقت میں ابھی ہے بت پرست
خواب غفلت میں ہے تو ای بیخبر
گر ہے عیب غیر پہ تیری نظر

دیکھتا ہے عیب غیروں میں جو تو
ہے یہ تیرا عکس اسمیں ہو بہو
وہ تو ہے آئینہ صاف ای پسر
عکس تیرا اسمیں آتا ہے نظر

بیگمان باطن کی تیرہی تیرگی
آئینہ مین غیر کے ظاہر ہوئی

اپنے باطن کو ذرا تو صاف کر
تجکو سب عیب آوین نظر

جبکہ ابراہیم نے بالتجا
کی جناب حق تعالی مین دعا

سنہہ سے نکلا اوسکے اور تیر قضا
شست سے تقدیر کے پران ہوا

رنگ چہرہ سی ہوا بیٹے کا فق
دم کے دم مین ہوگیا وہ جان بحق

مرغ بسمل کیطرح سے لوٹ کر
مرگیا فرزند دلبند پدر

اسطرح کا کچھہ اوٹھا سینے مین درد
آہ بھرکر ہوگیا وہ دم مین سرد

اتنی صحبت سے ولیکن باپ کی
دم کے دم مین وہ ہوا کامل ولی

منکشف سب ہو گئے اسرار غیب
قلب پر طاری ہوئی انوار غیب

دم مین جسکے ہوگئی اوسپر نمود
طاعت صد سالہ سی کب ہو کشود

لاکھہ جی ہون ایسے مرنے پر فدا
جسکے جانے سے ملے وصل خدا

ایسے مرنے کا ہو کسکو درد و غم
ہو بہم جس موت سی وصل صنم

الغرض وہ غرق بحر بیخودی
ماہی دریای ستر سرمدی

سوز دل سی پڑھکی با دردِ درون
آیت انا الیہ راجعون

لاش اوسکی چھوڑکر باصد نیاز
جلکے مسجد مین لگے پڑھنے نماز

مرنے کا بیٹے کے غم دلمین نہ فکر
با فراغ دل ہوئے مشغول ذکر

مرحبا ای بستۂ زنجیر عشق
مرحبا ای کشتۂ شمشیر عشق

عشق نے کی جسکسی کی دلمین جا
وہ زن و فرزند سی غافل ہوا

زندہ جاوید ہی مقتول عشق
ہی قبول دو جہان مقتول عشق

گر نہ دلپر عشق طغیانی کرے
باپ کب بیٹے کی قربانی کرے

گر نہوتا عشق حق سی دلفگار
کب عمر بیٹے کو کرتا سنگسار

گر نہ عشق سی ہو دل ریش ریش
کب بشر سی ترک ہو فرزند و خویش

الغرض ہمراہیان بادشاہ
دیکھکر اس حال مین اسکو تباہ

پھر گئے بارو و چشم خونچکان
جاکے لشکر مین کیا اسکو بیان

جب گئی ارکان لشکر کو خبر
نظم لشکر ہوگیا زیر و زبر

ناگہان اک حشر سا برپا ہوا
خیمہ و خرگاہ مین اک غل مچا

نوحہ و شیون مین تھا ہر اک بشر
خاک بر سر جامہ چاک و چشم تر

با دل پر درد و آہ جانگزا
پاس شہزادے کی لاشہ لا رکھا

کرکے بیحد جزع و فزع و ہای دوا
بادشہ کو دفن آخر کر دیا

اسطرح مرنیکا اوسکے ماجرا
دیکھکر ہر اک بشر حیران ہوا

حسن صورت اور سیرت دیکھکر
وہ جوانی اور وہ اوسکا کر و فر

تھا ہر اک کی دل پہ غم کی انتہا
رنج و ایذا و الم بے انتہا

تھے ولے مجبور سب تقدیر سے
عاجز و بیدست و پا تدبیر سے

موت وہ شی ہی نہین جسکا علاج
بے مرض ہی بے دوا و لا علاج

اسکے آگے عقل کو یارا نہین
کارگر تدبیر کچھہ اصلا نہین

شاہ ہفت اقلیم اور مسکین گدا
موت سے دونون برابر ہین فنا

اسکے آگے اژدہا و شیر نر
موت سے سو درجہ ہین کمزور تر

تھے فریدون و جم و افراسیاب
بحر مواج حوادث کے حباب

زغزغ دندان موت جانگزا
ہی مرض جسکو نکو ای مرد خدا

جسکی ہیبت سے ہی ہر ہر جز مین درد
چشم گریان سینہ بریان رنگ زرد

ہی مرض کیا سنکے مجھسے اے فتا
مرگ کی دہشت سے تن پر ہے لرزتا

عندالرحم مرض سمجھا ہے تو
ہی دم سوزان مرگ ای نیکخو

تو جسے سرسام کرتا ہی قیاس
موت کی دہشت سے مختل ہین حواس

سنتا ہی آواز پای موت کی
تیرا سر ہر جزو ای مرد ذکی

ہی ہر اک جز پر چہ تیری پیچ و تاب
اسکی دہشت سے ہوجاتی ہین آب

حیف ہی ہوتی جاو نکو خبر
تو نشہ ہو کر ہو غافل ای لبیب

کر رہی ہی موت تجھپر دانت تیز
تو ابھی غفلات مین ہی خفتہ خیز

ہوش آنیکے نہین تجکو ذرا
ہو رہی تو جبتک لقمہ گور کا

آخرش چالیس دن ہر اک بشر
غم مین اس شہ کی رہا خستہ جگر

قبر پہ اسکی ہزارون مرد و زن
جامہ چاک و خاک بر سر نعرہ زنان

بعد اوسکے اپنے اپنے گھر گئے
بادلِ پردرد و چشم تر گئے

ساکنان بلخ و ارباب بلخ
اونکی ماہ عید کی آپہونچی سلخ

گھر گئی جب اوسکے مرنے کی خبر
اس جہاں سے کوچ کرنے کی خبر

آہ و واویلا کا ایسا غل مچا
ہوگیا اک حشر کا سا زلزلا

سلطنت کی ترک سے بھی جو ہوا
ہوگیا اون بیکسو نپر حادثا

تھا جو دردِ ترک شاہی پدر
فرق اوس سے بھی ہوا مرگ پسر

حال جو ہو ماہی بے آب کا
تھا وہ انکے آل اور اصحاب کا

دیکھیے جسکو سو تھا اندوہناک
صبح صادق کی طرح سے جیب چاک

کثرتِ گریہ سے خلقت کی زبان
ہوگیا اک چشمۂ آنسو کا رواں

گو رہی چھپے چاند سے عارض جو تھے
غم کی سیلی سے وہ نیلے ہوگئے

غم مین اُسکے تھا جو ہر اک سینہ زن
ارغوانی تھا سمن زار بدن

مارتے تھے سر کو ہر اک سنگ پر
اور طمانچے عارض گلرنگ پر

کر رہے تھے غم سے ہر فرخندہ فال
تختہ ہای سنبلستان پایمال

دود آہ سینۂ ناشاد سے
بیوہ و ایتام کی فریاد سے

رنگ نارنجی پہ چرخِ چنبری
ماتمِ غم سے ہوا نیلوفری

کار دنیا ہے فقط خواب و خیال
تو غم و شادی پہ اسکی خاک ڈال

بے بقا ہے عیش دنیا بے بقا
اسے دل ہرگز نہ اپنا تو لگا

گردشِ گردون گردان کا اثر
دمبدم ہر چیز مین ہے کارگر

کیونکہ ہر شے کی فنا ہے معنوی
مستعد اس چرخ سے ہوا ای ولی

کھینچتی ہے جو کہ گردش سے طناب
ہے وہی ہر ہر بشر کو پیچ و تاب

ہے کمین گہ میں یہ صیاد فلک
گھات مین پھرتا ہے تیری تیز تک

تو تو صید عاجز و دلخستہ ہے
بال و پر شکستہ و پابستہ ہے

دیکھے چندے تجھکو آرام و قرار
یہ کریگا آخرش تیرا شکار

کر کے تجھکو خوب فربہ زیر مین
کھال کا تیری کریگا پوستین

اسطرح کا جب ہے دشمن گھات مین
حیف ہے غافل ہو تو ور اتین

تو بھی رکھ آمادہ اپنا زاد راہ
پاس رکھ انفاس کا با انتباہ

کیونکہ نا معلوم ہے وقتِ رحیل
ہو مبادا رہزنِ ابلیس بخیل

ہے عدو دین شیطان رجیم
دشمنِ موروثی و دیو لئیم

خنجرِ لاحول سے کر دمبدم
اس سگ ناپاک کی سر تو قلم

کر ریاضت سے بدن کو مثل خار
رہروی مین تا نہو گردن کا بار

ہے سبکساروں کی منزل سہل تر
ہے گراں باروں کو مشکل تر سفر

الغرض تا مدتِ پنجاہ سال
خانۂ کعبہ مین باجاہ و جلال

وہ شہنشاہِ سریر ملک بقا
محرم رازِ جناب کبریا

مقتدای زاہدان کاملین
پیشوای اولیای واصلین

زہرہ اقران وحید روزگار
عمدۂ دوران محب کردگار

یعنی ابراہیم تاج اولیا
مرشد برحق امام اصفیا

باکمال عجز و زاری و نیاز
باکمال ذوق و شوق جانگداز

یاد حق مین کرکے عمر اپنی بسر
ہوگیا قربان اُسکے نام پر

آپ کو جو اسطرح کردے فنا
تو ہو وہ مقبول درگاہ خدا

قطع راہِ عشق اگر آسان ہو
بایزید وقت ہر انسان ہو

خون دل سے اپنے کر بیٹھے وضو
سرِ کف پر گیند کی مانند تو

اقربا و خویش کا کر سر قلم
عشق کی میدان مین جب رکھے قدم

جو عبادت نفس پر ہوتی ہے شاق
وہ جہاد اور جنگ ہے بالاتفاق

حق تعالی نے برائے امتحان
یہ عبادت فرض کی ہے بیگمان

تاکہ ہو ایمان بالغیب بشر
جان کی دینی ہین دشمن شل سر

قلب مین جس شخص کے ایمان ہے
جان کا دینا اُسے آسان ہے

قلب مین جسکے ذرا ہو وہم و شک
جی کی دینی ہین ہو کب تیز و تنگ

موت کو سمجھے ہین جو در زندہ شیر
کب جہاد و جنگ مین ہون وہ دلیر

جو اسے سمجھے ہیں شہادت موت کو
نعمت و رحمت غنیمت موت کو

یہ عبادت اُنسے ہوتی ہے ادا
جان و مال اپنا وہ کرتے ہین فدا

ہوتا ہے جس طرح تن پایمال ۔ اسقدر رہتا ہے ترفیع و الجلال
اس عبادت سے بھی جو ہو فوق تر ۔ وہ جہاد نفس ہے ای بے خبر
جنگ کفار و غزا و کشت و خون ۔ ہے اگرچہ سب عبادت سے فزون
ہے مبارز جنگ کا ظاہر عیان ۔ ہے حریف اسکا دلوں میں پس نہان
یہ مخالف ہے دلے ہے ہمنشین ۔ وہ مخالف ہے یہ کچھ واقف نہین
ہے جہاد ظاہری مین ایک موت ۔ ہے جہاد نفس مین ہر لحظہ موت
گر وہ چاہے آب شیرین و لطیف ۔ دے بجاے آب اسے تلخ و کثیف
بستر سنجاب وہ چاہے اگر ۔ رکھ تو سنگ و خشک اسکے زیر سر
چاہیے اسکو اگر جام شراب ۔ جام شربت تو اسے دے زہر ناب
یہ تو مار خفتہ و افسردہ ہے ۔ بے سر و سامان بس یہ مردہ ہے
ہو اگر سامان سب اسکا درست ۔ اس سے ہون شداد اور نمرود ست
مستعد ہو کر تو اس فرعون کو ۔ بحر قلزم مین ریاضت کے ڈبو
جسقدر کرتا ہے تو کار زبون ۔ موسی عمران ہو جاتا ہے خون
تجھسے مین کہتا ہون ای فرخندہ ے ۔ یہ علامت نفس کے مردنکی ہے
طبع پر تیری نہ آوے کچھ ملال ۔ اور سر برائی کا سنو ہرگز خیال
جب ہوا یہ نفس سرکش پایمال ۔ کب برائی پر ترا جاوے خیال

جیسا جیسا کاٹے گا تو ہو ہو پرن ۔ ہر وہ راضی اسقدر وہ ذوالمنن
ہے جہاد خوبرو جنگے التمام ۔ تھی جہاد نفس اکبر والسلام
لیک جنگ نفس ہے اس سے سوا ۔ کیونکہ ہے اسکا حریف اندر چھپا
یہ مخالف جانتا ہے گھر کا حال ۔ دشمن واقف سے ہے بچنا محال
قتل جسنے نفس کافر کو کیا ۔ درجہ اسکو سو شہیدونکا ملا
کام جو کچھ نفس کے برعکس ہو ۔ ہے وہی ہر لحظہ مرگ ای دوست تو
نفس کی خواہش کے تو کر برخلاف ۔ ہے جہاد باطنی یہ اور مصاف
گر یہ چاہے حلہ ہای زرنگار ۔ کر لباس کہنہ سے اسکو فگار
گر نہ رکھے نفس کے ہر دم نظر ۔ رکھ قدم ہرگز نہ اسکی راہ پر
سردی افلاس سے ہے نامراد ۔ ورنہ یہ فرعون کا ہو اوستاد
موسی و فرعون ہین تجھ مین نہان ۔ دیکھ نفس و روح کو ای نوجوان
ہم ہی کر موسی عمران کی تو ۔ پیروی کر جان سے قرآن کی تو
گر کرے تو نفس کی خواہش کا یہ کام ۔ جان لے فرعون کا تو ہے غلام
گر کرے کوئی خلاف طبع کام ۔ یا تجھے تکلیف ہو اس سے مدام
جو زیادہ ہو تجھے تکلیف وسے ۔ تو نکوئی ساتھ اسکے بھی کرے
اسلیے کہتا ہون تجھسے ایک نقل ۔ تا کر آوے ہوا اس سے شاید تجھکو عقل

بیان نفس کشی حضرت ابراہیم قدس اللہ سرہ کا

شیخ ابراہیم تاج اولیا ۔ عابد و زاہد امام اصفیا

جب چلے دریا مین با اک جہاز ۔ سمت نیشاپور سے سوی حجاز
حاکم دوران و مرد نامدار ۔ نائب سلطان نہایت مالدار
دست بستہ خادمان ماہرو ۔ اور رفیقان لطیف و بذلہ گو
ایک شب نقال محفل مین وہان ۔ کر رہے تھے نقل اپنا ہر زبان
تازہ تازہ نقل کرتے تھے بیان ۔ جو ہر اپنا کر رہے تھے سب عیان
عیب کو اپنے سمجھتا ہے ہنر ۔ اپنی کج فہمی سے سرتاپا ہنر
ای خدایا یہ نظربندی ہے کیا ۔ عیب بھی چیزونکو سمجھے ہے بھلا
قلب پر انکے ہوئی مہر خدا ۔ ہے بصر اور سمع پر پردہ پڑا

اتفاقاً اسمین تھا کوئی امیر ۔ صاحب حشمت امیر ملک گیر
تھے وہان موجود سب ارکان عیش ۔ اور مہیا پاس سب سامان عیش
راتدن اسجا بتان شوخ و شنگ ۔ رہتے تھے مصروف و محو راگ و رنگ
یاوہ گوئی تھی وہان بے حد برون ۔ مضحکہ اور ہزل لکھنے سے فزون
عیب کو اپنے سمجھتے تھے ہنر ۔ علم سے اس جہل بد کو فوق تر
عیب کو اپنے اگر جانے برا ۔ تو عذاب حق مین کب ہو مبتلا
دام مین مرض ہوا کی تو جو بند ۔ زہر قاتل کو سمجھتے ہین وہ قند
اس مرض مین ہو گیا جو مبتلا ۔ گر یہ وہ داری ہے پر اسکی بلا

جہان مجہول سے کر او سے جانب جمیع
نور غیبی تاکہ ہو انمین طلوع

ہو ہماری نقل و بازی جسکے ختم
اسکو جو چاہے کرین ہم سب و شتم

لطف ان نقالونکا اپنی ہو مو چند
آنکو بھی وہ بہت آوے پسند

تنگدست و متبذل و خستہ حال
مفلس و غمزدہ خاطر پائمال

بدلے اس تکلیف کی دینار و زر
دیکے خوش کر دونگا اُسکو بخطر

باتن عریان و محتاج و تباہ
با دل بریان و اشک آہ و آہ

مرد حق ہین مفلسی مین بادشاہ
حکمران ملک بے فوج و سپاہ

پابرہنہ اور ملک نے پر قدم
مشتری خلق بے دام و درم

خالی ہاتھون اور جہان زیر نگین
ابلق دوران ہمیشہ زیر زین

بے زر و بے سیم صراف عظیم
مالک بازار دو رہے یتیم

اہل دنیا کور دہ بد الدجا
حال کیا جانے وہ ہے کے نور کا

مرد مفلس جانتی ہے جسکو خلق
شیر شرزہ ہے چھپا در زیر دلق

نور سے اُسکے ہے روشن دو جہان
نیم شب تھے اوسکو کرتا ہے گمان

اپنی اس کوری کا جلدی کر علاج
خانہ دل مین تو روشن کر سراج

آخرش اُس مقتدائے عصر کو
پیشوا اور رہنمائے عصر کو

ہوتا فارغ نقل سے نقال جب
مارتا نا اہل اونکو بے ادب

لیک وہ افعال و خلق احمدی
ماہی دریای ہست سرمدی

کچھ نہ تھی اسبابکی اُسکو خبر
اور نہ اونکے فعل پر کچھ نظر

ہر بشر و ذرات ہے مشغول کار
نیک و بد کو جانتا ہے کردگار

مرد حق ہین ہزل کو سمجھے ہین جد
کذب و صدق اسکا ہین مجنون مستعد

عیب زیادہ حد سے رنج اونکو دیا
غیب سے آئی یہ ہاتف کی ندا

نشتر اُلفت بسینہ خوردہ
راحت و لذت بغارت بردہ

سخت یہ ناپاک ہین عہد بے ادب
لایق گردن زنی ہین سب کے سب

ہو چکا ہے ظلم اب حد سے سوا
گر ذرا تو بھی لبونکو اپنے وا

اُس سے یہ کرتے ہین گستاخی ذرا
تو بھی تو اونکو تماشا کچھ دکھا

عرض نقالون نے کی ایسا کری
ہوا گر اسوقت مرد اجنبی

اپنے کہنے کا نمانے وہ برا
تو عجب اوسوقت مین ہو ضحکا

سنکے اسنے میر محفل نے کہا
ہو وہی جو کشتی مین مرد بینوا

اپنے آگے تو اُسے لاکر بٹھا
زر اُسے کچھ بھی کرینگے ہم عطا

الغرض کشتی مین ابراہیم تھا
مفلس و محتاج و مسکین و گدا

لائے محفل مین بصد جور عظیم
زور سے اُس مرد حق کو وہ لئیم

بے زر و بے زور سلطان الست
بے شراب و جام کے مخمور مست

تنگدستی مین غنائے بے انتہا
مفلسی مین صاحب جود و سخا

بے زر و بے سیم دارای جہان
بے زر و بے لعل سلطان زمان

خلق ہے خفاش وہ شمس الضحیٰ
ہو اسے معلوم اسکا حال کیا

اہل دنیا کی ہے ظاہر پر نظر
راز سے باطن کے وہ ہین کور کر

ہے نظر بندی تمہ دیکھے تو اگر
اور ہو خورشید تابان اے پسر

کور ہے ظاہر سے اے مرد خدا
سیکڑون درجے ہے کوری سے سوا

تا نظر آوین تجھے مردان دین
اور دکھائی دین تجھے اہل الیقین

لاکے محفل مین دیا باری بٹھا
اور کیا نقالونکا باری سلسلا

کوئی سر پر دھول کوئی کفش پا
اپنی کج فہمی سے اونکو مارتا

تھا زبس ہستی ظاہر سے فنا
محو مطلق ذات مین ایزدی تھا

یہ تو اپنے شغل مین تھی مبتلا
اور وہ اپنے کام مین مصروف تھا

شغل مین اپنے زبس مصروف تھا
کچھ نہ سمجھا وہ کہ یہ کرتے ہین کیا

ہین سمجھے نقل کو ہم اصل الاصول
مدعا کرتے ہین سب شے سے حصول

اے سر شوریدہ سودائے عشق
دے ہی دل مجروح خنجرہای عشق

وہی ہدف گاہ تفنگ کربلا
دست و پا بشکستہ سنگ جفا

تیری مرضی ہو تو ہوویں یہ غرق
تو کہے تو خاک کر دے سب کو برق

بحر استغراق سے سر کو نکال
تاکہ ہو معلوم اونکو اپنا حال

کھینچ جگر سینے سے اپنے ایک آہ
بولا ابراہیم اے میرے الٰہ

کچھ نہین اس امر مین انکی خطا
گو نہ تھا گر انکو بصیرت تو عطا

راہ مین گر بے بصر کے چاہ ہو
جو نہ رو کے اسکو وہ گمراہ ہو

وہ ہین یارب جرم عصیان سے بری
کچھ نہین اسمین خطا انکی ذری

گر انھین چشم بصیرت تو عطا
تاکہ سمجھین اپنا یہ جرم و خطا

بحر مین عرفان کی کر انکو غرق
بھیج اپنے مشرق رحمت کی برق

عفو کرکے انکا نسیان و خطا
راہ باطن کا انھین رستا بتا

کچھ نہین رحمت سے یہ تیری بعید
ہم جلیسونکو کرے میرے سعید

کجروی کیون کر [illegible] انا نی زان
فعل بد سے آپ کرتے احتراز

مرد بینا کو ہے لازم دے بتا
ورنہ گویا اسکا خون اسنے لیا

کیونکہ غفلت سے ہین مسلوب الحواس
جہل نادانی سے مقلوب الحواس

فعل بد پر اپنے نادم آپ ہون
جہل کے اپنے وہ عالم آپ ہون

قلب انکا مشرق انوار ہو
جو یہان ہی محرم اسرار ہو

مصدر انوار ہو ہر اک کا دل
مظہر اسرار ہو ہر اک کا دل

ہمنشین میری اگر ہو وہی شقی
ہے یہ میری نقص کی صحبت قوی

کر کے لایقی جلیسونپر نظر
انکو تو ابدال اور اقطاب کر

مناجات

ای خدای کارساز بے نیاز
کر دیے اپنے باب رحمت کا باز

تجھسے ہے سرسبز بستان جہان
تیرے ہی قبضے مین ہے جان و جہان

رکھ کے ابراہیم نے سجدہ مین سر
با ہزاران عجز اور سوز جگر

رحمت حق نے کیا اونپر نزول
نعمت باطن ہوئی اونکو حصول

ہو گیا ہر اک ولی بے بدل
قلب پر چمکا وہ نور لم یزل

دیکھا اسکے نور سے یہ جہان
بحر و بر و کوہ و دشت و آسمان

ابر جسمانی اگر ہو ایک سو
دیکھ لے تابندگی روح تو

ہے وہ خورشید حقیقی برملا
پر یہ کوہ جسم حایل ای فتا

تو ذرا اس جسم کو جڑ سے اکھاڑ
دیکھ اس تنکے کی اوجھل مین پہاڑ

مثنوی مین مولوی معنوی
دیکھ فرماتے ہین ہمکو ای ولی

یعنے کر اس چشم کو اپنی پر آب
تاکہ تو دیکھے وہ نور مستطاب

حرف غیریت اگر ہو درمیان
تو ہے تو بیرون در ای نوجوان

ہے حقیقت گو کہ ہر شی کی جدا
لیکن ایسا ہے تو بیخود ای فتا

مرتسم تخییل مین ہو جو کوئی
ہو تری نزدیک ہر اک شی وہی

جو بشر اسوقت اس محفل مین تھا
صاحب کشف و کرامت ہو گیا

خواب غفلت سے ہوئے بیدار وہ
دم کے دم مین ہو گئے ہشیار وہ

رکھ کے سر قدمون پہ ابراہیم کے
با ہزاران عجز سب کہنے لگے

جوش مین آئی جو دریا رحم کا
گر صد سالہ ہو تنخواہ اولیا

چشم و گوش و عقل و حس فہم و ذکا
ہے خدایا سب تیری ہی عطا

کر کے سجدہ و عہد و حمد و ثنا
ورد دل سے حق مین کی انکی دعا

منکشف دل پر ہوئی اسرار غیب
جلوہ گر ہے نور سے انوار غیب

دیکھا ابراہیم کا بھی عز و جاہ
عرش سے تا فرش جسدم کی نگاہ

چھپ رہا تھا دشت مین جون آفتاب
اب نظر آنے لگا وہ بے حجاب

جب تلک اسیر ہے یہ پردا پڑا
وہم و شک مین تو رہیگا مبتلا

آڑ مین اس جسم کی ای مست خواب
نور حق تابان ہے با صد آب و تاب

مرد بنکر جسم کو پامال کر
تا تجھے وہ نور پاک آوے نظر

لب بہ بند و چشم بند و گوش بند
گر نہ بینی نور حق بر من بخند

جسم و جان و دونون کو تو قربان کر
نذر اوسکی دین اور ایمان کر

ہون عدد گرچہ فزون تر از شمار
اصل واحد سبکی ہے ای ہوشیار

ہو وہی واحد ترا سمع و بصر
غیر اوسکے اور نہ کچھ آوے نظر

خلق تجکو جو کہے مجنون ہے
لیک وہ سمجھے گا جو مفتون ہے

کیمیا سے جسطرح مس ہو طلا
وہ ہی حال اکدم مین انکا ہوگیا

عذر خواہی مین بصد عجز و نیاز
پھر ہوئے مصروف سب اہل مجاز

سر ہماری ہاتھ دونون تو ملا
تاکہ اس تقصیر سے ہون رہا

وہ ہوا ہی فعل جسے نابکار ۔ جس سے ہم ہین سرنگون و شرمسار
اس خطا سی ہم ہین بیشک اسی ۔ قابل گردن زنی و کشتنی

جان و تن جسنے کیا تجھ پر فدا ۔ ری ہمین جو کچھ کہ تو چاہے سزا
ہم سراسر خار تو باغ جنان ۔ ہم خس و خاشاک تو گل بیگمان

ہم زمین تیرہ ہین تو آفتاب ۔ ہم کتان کہنہ تو ہے ماہتاب
کیا جنان کیا جان کیا شمس الضحیٰ ۔ جنکو تیرے سامنے ہو مرتبا

جان جان و ملک جان جان جہان ۔ تو ہی اور ہم نقش پای در نشان
ہم سمجھے تھے نیستان مین ہی شیر ۔ ورنہ کیون ہم اسقدر ہوتے دلیر

ہمکو اس صورت پرستی نے کیا ۔ معنی و معنی شناسی سے جدا
صورت ظاہر مین ہر اک ہی بشر ۔ لذت معنی ہی سب مین مستتر

فرق معنی سے ہوا کوئی نبی ۔ اور رہا کوئی ابو جہل شقی
ہو نہ جبتک بحر معنی مین شنا ۔ تو نہین باطن کا مطلق آشنا

ہی بسان حلقہ تو بیرون در ۔ دلبر حجلہ نشین سے بے خبر
سر ٹپکنے سی نہین ہوتا وصال ۔ ہی یہ خودبینی تری جی کا وبال

تو رہی اور رنے من و مالی رہے ۔ تن رہی تیرا نہ تنہائی رہے
ہو نہ جبتک بحر حیرت مین فنا ۔ کب ملے وحدت کا تجھکو ذائقا

سیکڑون پردون مین حسن دلربا ۔ جلوہ فرما ہو رہا ہے برملا
جب ہوا بے پردہ ہوا پھر تو کہان ۔ شمس جب چمکا کہان تارے ہون عیان

شمع پروانہ شمع ایوان علوم ۔ شب کو پروانونکا ہوتا ہی ہجوم
صبح کو سب پیش ضوء آفتاب ۔ ہین فنا واللہ اعلم بالصواب

جو کرے یون نفس سرکش کو تباہ ۔ ہو وہی دونون جہانمین بادشاہ
الغرض وہ مظہر آیات حق ۔ لیگیا اس امر مین سب پر سبق

نفس کو جب اس طرحسی کشتہ کیا ۔ تب ہوا سردفتر ملک بقا
جو ہوا صحبت مین اونکی باریاب ۔ تھا اگر ذرہ ہوا وہ آفتاب

تھا وہ مہر برج عرفان خدا ۔ مصدر انوار فیضان خدا
اور نسے جو کچھ فیض باطن کا ہوا ۔ ہی وہ لکھنے اور پڑھنی سی سوا

سیکڑون ابدال و اقطاب زمان ۔ اولیاء عابدان و زاہدان
سلسلہ مین شیخ ابراہیم کے ۔ ہر زمانے مین غرض ہوتے رہے

لطف سی حق کے رہیگا بامراد ۔ سلسلہ اونکا الی یوم التناد
ایکسو اکسٹھ مین وہ پیدا ہوا ١٦١ ۔ یکصد و سہ سال تک زندہ رہا

دو سو اور چونسٹھ تھی ہجری ای حسن ٢٦٤ ۔ جب ہوا فردوس مین اسکا وطن
اسکے صدقے سے مجھے بھی یا خدا ۔ ذوق و شوق و زہد و عرفان کر عطا

لب لباب اس داستان کا اسکو افسانہ نہ سمجھیں اور تعلق معنوی سی اپنے اپنے نفس پر منطبق کرلین

نظم یہ جنکی ہی جو یہ داستان ۔ ہی غرض کچھ اور اس سے درمیان
یہ کچھ افسانہ نہین ای بیخبر ۔ گوش دل کے کھول تو اور غور کر

صورت افسانہ تو پیمانہ ہے ۔ ہین معانی اسکے اندر مثل مے
رنگ پیمانہ پہ کیا ہی تو فدا ۔ گر ذرا اور یافت مے کا ذائقا

ہی غلط بینونکی صورت پر نظر ۔ لذت معنی سے جو ہین دورتر
ہی یہان چشم بصیرت جسکی وا ۔ اسکے پڑھنے سے اسی ہی ذائقا

پر یہان اس کیسے مین لعل بے بہا ۔ تو حرف بری جنھین ہے جانتا
تو جسے کرتا ہی افسانہ خیال ۔ ہر سے پا تک ہی یہ تیرا حال

کرتا ہی سے نظر ای نیک پے ۔ تو ہی ادہم تو ہی ابراہیم ہے
ہی ترا قصہ یہ بیشک سر بسر ۔ رکھ نہ ابراہیم و ادہم پر نظر

ہی وہ حق سبحانہ شاہ جہان ۔ اور بلخ اس عالم دنیا کو جان
مال دنیا ہی او ہم ای پسر ۔ دختر دنیا پہ شیدا سر بسر

ہی منعمی دنیائے دنی ۔ ہی عروس بکر زیبائے منی
علت و معلول مین پیوستگی ۔ ہوتی ہی دختر پدر سی بھی قوی

ہی بیان دختر کے معنی مجاز
یعنی ملوک خدای بے نیاز

عشق مین اسکے ہی ہر اک دلفگار
شل او ہم سینہ چاک و زار زار

زندگی و مرگ دختر ای ولی
ہی مراد اس سے غنا اور مفلسی

مرگ دختر رز کی ہی مفقودگی
زیست اسکی ہی تری آسودگی

نیک رہ مین صرف اگر اسکو کیا
اجر اوسکا جو کہ بندہ کو ملا

وہ عمل تیرا ہی فرزند رشید
ہی وہ ابراہیم وقت و بایزید

راہ حق کو جان بحر بیکران
خضر ہے پیغمبر خیر الزمان

ہین عقاید اور ایمان وہ گہر
ماہ اور خورشید سی رخشندہ تر

مرد تاجر ہی وہ مرشد ای نگار
جس سے یہ دنیا ہوئی باغ و بہار

عامل و فاضل مین وہ دانا طبیب
جنسے دنیا کو ہوئی صحت نصیب

نفع شرعی ہے جو کچھ حاصل ہوا
شل منکوحہ ہے وہ تجکو روا

اسطرح اسکے معانی کو سمجھ
مغز و اسرار نہانی کو سمجھ

منکشف ہون تا کہ اسرار نہان
صورت افسادہ ہو باغ جنان

ہے غرض ہر بیت کا مطلب جدا
ظاہری و باطنی مضمون کا

چاہیے لیکن تجھے بھی ای عزیز
کچھ سمجھنے کیلیے ہوش و تمیز

تو ہی چوب نا تراشیدہ اگر
تو یہ میری جانکنی ہے درد سر

مرد عاقل کو تو اک نکتہ ہی بس
مین کرون تو اگر ہو وہ مگس

مین مگس کو بھی بتاتا ہون ہما
تو اگر سمجھے کہ مین کہتا ہون کیا

جسطرح صنعت سے ملا کی گدھا
جسکے آدم شہر کا قاضی ہوا

حکایت معلم ظریف و خرفروش ابلہ کی

ایکدن استاد غصہ مین ہوا
لڑکے کو مکتب مین یون کہنے لگا

کر کے خر پر اگر مین تیری جا
محنت و تعلیم کرتا اے خدا

تو وہ ہوتا آج یکتای زمان
عاقل و دانا و مرد نکتہ دان

اتنی محنت پر تری ای بدمعاش
تو رہا ویسا ہی چوب ناتراش

وہ معلم ہے ترا النفس لئیم
جسکو تو سمجھا ہے استاد حلیم

اسکے کہنے کا تو کرتا ہی یقین
جو کہے کرتا ہے تو ای نازنین

عقل کا کہنا اگر تو مانتا
نفس کے کہنے کو ہر رہ جانتا

عقل کو نے کیا ہے خوار و زبون
کر رہا ہی پیروی نفس دون

عقل تیری ہے اگر مغلوب نفس
تو مثال خر ہے وہ مرکوب نفس

سنتا تھا ابات کو اک خرفروش
سادہ لوح و بیوقوف و رفتہ ہوش

کار دنیاوی مین جو ہین مبتلا
ہین وہی یہ خرفروش بیحیا

دین پہ سمجھا ہی جو دنیا کو فوق
عقل اسکی اسکی گردن کا ہی طوق

عقل ہوتی تجھکو تو کیون ای فتا
نفس کے ملا سے کیون کھاتا دغا

دل مین سمجھا وہ نہین میرے پسر
یہ خدا نے جو دیا ہی مال و زر

بعد مرنیکے یہ ہوگا رائیگان
دشمن جانی کرینگے نوش جان

اس سے بہتر ہے کہ کر کے خرچ زر
آدمی بنوائیے ملا سے خر

خر کو لیکر ساتھ کو وہ گدھا
پاس اس مرد معلم کے گیا

رکھے سو دنیا اسکے پانو پر
اور کہا ہے ملک مین میرے یہ خر

آدمی اوسکو بنا کر ای فتا
علم کی تعلیم کر بہر خدا

تا یہی خر ہو مرا جانے پسر
بعد میرے مالک اس مال و زر

طبع تیری مثل خر کے ای غبی
حب دنیا کی ہے دلدل مین پھنسی

نفس سے تو چاہتا ہی تربیت
خر مین کب ہوتی ہی انسانکی صفت

تھا معلم بسکہ دانا و ظریف
کامل و عیار طرار و حریف

ہنس کے بولا اس سے ای شستہ راہ
گو کہ مین رکھتا ہون اتنی دستگاہ

ہے ولیکن سخت یہ محنت کا کام
دس برس مین ہوگا اسکا انصرام

چھوڑ دو دنیا کی جب کاروبار
انصرام اسکا ہو تب ای ہوشیار

تیری خاطر سے یہ محنت کی قبول
لازم اپنی جان پر کی ای فضول

نقد تیرا ای فلاطون زمن
ہین تری اعمال و افعال حسن

نفس اور شیطان از راہ دغا
دیتے ہین اندوختہ تیرا اڑا

اسطرح کر ذہن تیری عقل خر
جس سے ہین [illegible] تیری بھلے بھی عمل خیر

ہو وے یہ شرط اسمین بیگمان
سر غیبی جسنے ظاہر کردیا
کیجیو کتمان جہانتک ہوسکے
نفس نے از بسکہ ہی تہدید کی
مفلسی سے ہین یہ سارے اتقا
گھر جسے سمجھا ہی تو یہ گھر نہین
گھر وہ ہی جسمین رہیگا حشر تک
گذری تیری عمر کے ہفتاد سال
بیخبر ہے یہ ترا وقت رحیل
تو لگا وہ باغ ای بیر اجل
کہتا تھا ہر لحظہ با درد و بکا
دس برس کے بعد وہ ناحق شناس
لطف حق سی ہو گیا تیرا وہ خر
سو مبارکباد تجکو ای رشید
دیکھکر اوسکو عقیل و نکتہ دان
جلد جا تو بھی کہ وہ از چند روز
سبکو کہدیتا ہی شیطان لعین
دین اور دنیا کا ہی تو پیشوا
ہی جو بینور اتقا ہی عارضی
آگئی اُسکے تن مردہ مین جان
گاہ یہ شادی ہوا وہ خوبرو
ہوا اسی آفت مین سر اک مبتلا
ہین خصائل سب خری کی آشکار
آدمی وہ ہین کہ جنبر روزگار
نفس کی خواہش یہ ہی جسکی نظر

وا کسی پر ہو نہ یہ راز نہان
ہی وہ مردود جناب کبریا
بھید کر پنہان جہانتک ہوسکے
ہین سبت طول امل لمبین خفی
ورنہ تو شیطان کا ہو پیشوا
گھر ترا ہی اور ہی ایمر دوین
تا بہ نفخ صور و روز نشر تک
تو سمجھتا ہی کہ مین ہون نونہال
تو ابھی بوتا ہی اشجار نخیل
قبر مین کھاوے ہمیشہ جسکا پہل
یا خدا اُو یا خدا او یا خدا
پھر گیا دوڑا اُسی ملا کے پاس
عالم و فاضل ادیب و پر ہنر
ہو مبارک تجکو فرزند سعید
خوش ہوا اُس سے بہت شاہ جہان
مسند عزت کا ہی رونق فروز
تیرا ثانی کوئی دنیا مین نہین
یعنی وہ اک شہر کا قاضی ہوا
عجب ہے مسند نشین تو ای غبی
ہو گیا ہر موی تن اُسکا زبان
گہ مسرت یہ کہ ہی وہ نیک خو
ہو کے خر سمجھا ہی مین قاضی ہوا
آپکو کرتا ہی تو قاضی شمار
دوسرے سی کچھ نہین رکھتی ہمین کار
نصف ہی وہ آدمی اور نصف خر

شہر مین گر گرہ ہوا اسکا عیان
کیونکہ ہے یہ سر غیبی و خفی
دوسرے پر گر ہوا ظاہر یہ بھید
آپکو سمجھا ہی تو جو پارسا
پختہ کرکے اُس سے یہ قول و قرار
گھر جسے سمجھا ہی تو ہی یہ سرا
تو درستی سی ہی اوسکی بیخبر
تو درستی مین ہی گھر کی مبتلا
اسمین جب تک آسکا پھل ای فتا
مانگتا تھا راتدن حق سی دعا
ابلہی سی الغرض وہ بوالہوس
دیکھتے ہی اُسکو ملا نے کہا
صورت و شکل و شمائل مین کیا
عید کے دن تھا لیا ای نوجوان
دیکھے عزت خلعت شاہانہ سے
تو جو اپنے آپکو سمجھا بھلا
اک سر سو خودنمائی ہی اگر
عقل تیری خر ہی اور تو خر فروش
سنکے وہ یہ مژدہ کو فرحت فزا
گاہ فرحت تھی ہوا خر آدمی
علم کی تحصیل کا گاہی سرور
آپکو سمجھا ہی جو مسند نشین
تف ہی تیری عقل اور فہمید پر
آدمی اکثر ہین صورت مین بشر
ہو نہ احمق کا اگر مطلق وجود

خر کا ہی پھر آدمی بننا محال
فاش گر تا راز کا ہو احمقی
تو نہ رکھنا اسکے بننے کی امید
اور باطن ہے نجاست سی بھرا
آیا ابھی گھر وہ مرد خام کار
بعد تیری اور کی یہ ہو گی جا
ڈھونڈھتا پھرتا ہی خشت و چوب بر
سر پہ عزرائیل ہی تیری کھڑا
تو تو ہوگا لقمہ مور و مار کا
تا بر آوی اُسکے دل کا مدعا
مبتلا غم مین رہا تھا دس برس
شکر ہے الحمد للہ ای فتا
حق تعالی نے اُسے سب سے سوا
بادشہ نے ہر کسی کا امتحان
کر دیا قاضی جو بہتر تھا اُسے
نفس تیرا تجکو دیتا ہی دغا
تو بھی ہی ویسا ہی قاضی ای پسر
درس ملا کا ترا جھوٹا فروش
لایا سجدہ شکر بندہ اُنکا بجا
اُسکے قاضی ہونیکی گہ خرمی
منصب عمدہ سی کہ دلمین غرور
حشر کو خر کے برابر بھی نہین
آدمی ہو کر جو تو بنتا ہے خر
حرص و شہوت مین ہین وہ مانند خر
تو نہ مسند و نکو ہو کیونکر کشود

زیرکوں کے واسطے نادان ہیں / احمقوں کو ہوشیار انسان ہیں
مفلسوں کے واسطے ہیں مالدار / مالداروں کے لیے مسکین و خوار
آدمی کے واسطے ہو نقل و زر / نقل و زر کے واسطے ہیں یہ بشر
اور سبکو اسکے ساتھ ہے دلبستگی / اور سبکو اسکے ساتھ ہی پیوستگی
جسکو سب جانتا ہے تو برا / منفعت میں ہے وہ اچھوں سے سوا
گر تو دیکھے غور سے ایمرد دین / منفعت سے کوئی شے خالی نہیں
خالی حکمت سے نہیں فعل حکیم / تیری کجفہمی ہے ایمرد لئیم
اسلیے کرتا ہوں تجھسے ایک نقل / تاکہ آوے اس سے شاید تجکو عقل

حکایت طبیب کی کہ کرم نجاست کی پیدائش کو بیفایدہ سمجھا اور اللہ تعالی نے اوسکو متنبہ کر دیا

تھا کسی جا اک طبیب پرخرد / حاذق و دانا حکیم مستند
جانتا تھا خوب وہ اسرار طب / ماہر و دانا و واقفکار طب
اتفاقاً ایک دن بہر ضرور / پائخانے میں گیا وہ ذی شعور
دیکھکر کرم نجاست کو حکیم / دلمیں یوں کہنے لگا رب کریم
لغو کیوں تونے اسے پیدا کیا / کچھ نہیں خلقت سے اسکی فایدا
یہ دوا اور نہ غذا کے کام کا / سخت میں ہے یہ بلا میں مبتلا
دلمیں پھر ہر چند اسنے غور کی / منفعت اسکی نہ کچھ ظاہر ہوئی
کی کتابوں میں کئی دن جستجو / فایدہ دیکھا نہ اوسکا ایک مو
ہو جو نامعلوم شے کا فایدا / نسبت اپنی جہل سے کر اے فتا
نفع ہر موجود میں ہے بیشمار / جانتا ہے اوسکو علم کردگار
جانے ہر شے کا وہی نفع و ضرر / تو ہے اوسکے فایدے سے بیخبر
جو کہ شے بدتر سے بدتر ہے یہاں / ہیں ہزاروں فایدے اسمیں نہاں
موت جو ہر چیز سے ہے تلخ تر / فایدے ہیں اسکے اندر بیشتر
بعد مرنے کے وہ ہونگے آشکار / جسطرح ہے شمس فی نصف النہار
حکمت باریتعالی یوں ہوئی / ہو گئی بیماری اسکو آنکھ کی
آترا وہ نور آنکھوں میں آب نزول / ہو گیا اندھا وہ مرد بوالفضول
فعل پر حق کے کرے جو کچھ نظر / ہو وہ اندھا بلکہ اندھے سے بتر
کی بہت اس شخص نے اپنی دوا / پر ہوا ہرگز نہ ظاہر فایدا
فصد و مسہل اور تدبیریں تمام / کرکے آخر تھک رہا وہ مرد خام
سو جب تاثیر و علت ہے خدا / جب غضب اوسکا ہو کیونکر ہو شفا
ب یہ تدبیرات ظاہری سبب / قدرت اللہ سے ہیں کارگر
تو توکل کے مرض کی کر دوا / پردہ ظاہر دوا ہے اے فتا
کا حکم بھی اسواسطے / صنعت حق تاکہ ظاہر ہو تجھے
ورنہ کیا تدبیر کیسی ہے دوا / قبضۂ قدرت میں اوسکی ہے شفا
ہیں جا بجا پر ہیں / جسطرح کہتا ہے رب العالمین
گر توکل پر دوا سے ہر مرض / تاکہ ہو باطل نہ حکمت کی غرض
کچھ ردو بدل / مرضی مولا ہے اعلا و اجل
کی بہت سی اوسنے جب لیکے فغان / قدرت حق سے ہوا وارد وہاں
بے نوا / جانتا تھا خوب آنکھوں کی دوا
دیکھکر اندھے کو وہ بولا اگر / دے مجھے تو پانسو دینار زر
کا علاج / جب ہے بالکل جا ہے یہ سوء المزاج
پانسو دینار لیکر اک دوا / اوسنے دی آخر کو آنکھوں میں لگا
/ بعد اسکے جب گئی وہ بیکلی
آنکھیں روشن ہو گئیں مثل چراغ / دل ہوا فرحت سے اسکا باغ باغ
/ ہو گئی دم میں زیادہ تیز تر
سجدۂ شکر خدا اے بے نیاز / دل سے وہ لایا بجا با صد نیاز
/ عاقل و فرزانہ و مرد لبیب
چاہا اسنے اوس سے نسخہ لیجیے / اسکے بدلے میں جو کچھ وہ دیجیے

ہو وہ نسخہ بہتر از صد کیمیا
وہی مجھے نسخہ یہ اکسیر کا بتا
جب یہ پاکحال نے نسخہ بتا
تھا وہی کرم و نجاست خوار زار
ایک اوسکا فایدہ ظاہر کیا
بندہ ہی ہر بات مین تقصیر وار
وصل سے قاضی کے اسکو شاد کر
تھا زبس الفت سے دل اوسکا لگا
اسلیے فرماتے ہین خیر البشر
دیکھکر دربار و رہ و دھوم دھام
دست بستہ ایک سو خود سنگدار
بولنے کی اور نہ کچھ کہنے کی جا
پوچھا قاضی نے کہ ای مرد گدا
درد و دل سے اسنے رو رو کر کہا
مینے کھو کر اپنا سارا مال و زر
جب خدا نے تجکو یہ منصب دیا
سب گئی برباد میری جانکنی
یہ جو بکتا ہی سمجھا سے زبون
یہ سمجھکر ہو رہا قاضی خموش
جو جو یہ شفقت سے کرتا تھا کلام
مہر و الفت اسقدر سے اشتباہ
ہی اسی آفت مین ہر اک مبتلا
آدمی رکھتا ہی عادات قبیح
اور کو سمجھا ہی کم فہمی سے خر
یہ نہ خر ہوتا تو ملا سے ونا

ہی کہ اعجاز عیسیٰ یہ دوا
چاہیے جو کچھ سو لے لے ای فتا
جزو اعظم اوسکا وہی کرم تھا
جزو عمدہ کحل کا ای نامدار
اور خدا جانی کہ کیا کیا اسمین تھا
عفو کر میری خطا ای کردگار
خانہ ویران کو تو آباد کر
سنبل و ریحان تھے رہ کی سنگ و خار
کرتی ہی الفت بشر کو کور و کر
رہ گیا حیران و ششدر مرد خام
اور کھڑی ہی اک جا نقیب و چوبدار
اک پہر تک یہ کھڑا انتظار رہا
کیا غرض ہی تو یہان جو ہی کھڑا
مرحبا تجکو ہزاران مرحبا
آدمی بنوایا تجکو اے پسر
علم و فقہ و فضل و زہد و اتقا
بیقراری گریہ و سینہ زنی
اسکو مالیخولیا ہے یا جنون
دلمین یہ خوش ہوا وہ خر فروش
وہم اسکا تھا ترقی پر مدام
اسکے خر ہونے پر دونون ہین گواہ
نفس کی شامت سے ای مرد خدا
یہ حماقت سے سمجھتا ہے ملیح
ہی خری ہی اپنی ہر اک بے خبر
کیا آ گئیون اسطرح سے مجکو تبا

آخر اس کحال سے اسنے کہا
لیکے آخر کو بہت سا سیم و زر
جانتا تھا لغو یہ جس کرم کو
حق تعالیٰ نے بتائی اسکو راہ
ہوکے دلمین منفعل کہنے لگا
مضطرب ہے خر فروش خستہ تن
سنکے ملا سے یہ اوسنے ماجرا
تھا اسے قاضی کا ایسا اشتیاق
خانہ قاضی غرض وہ پوچھ کر
فرش تھا دیبا و اطلس کا وہان
ہو گئی گم دیکھکر سب عقل و ہوش
ہو گیا دربار کا جب اختتام
کر بیان تو اپنے دل کا مدعا
واہ وا شاباش تو شرط وفا
دس برس اللہ سے مانگی دعا
اب تو مجھسے اجنبی مطلق ہوا
سمجھا قاضی نے کہ دیوانہ ہی وہ
باولی کو مین کرون تنبیہ کیا
رحم سے پھر اوسکو قاضی نے کہا
خلق سے اوسکو یقین آیا یہی
جسقدر یہ خلق سے آتا تھا پیش
ہوتی ہی واقع حقیقت در ظہور
عیب پر اورونکی رکھتا ہے نظر
یہ ہوتا خر تو ملا سے کبھی
نفس و شیطان کی ترغیب سے

دست بستہ ہو گئی با صد ادب
لعل و یاقوت و زمرد اور گہر
وہ ہی تھا اس کحل کا جزو نکو
تا کہ ہو موقوف دل کا اشتباہ
میری گستاخی کی حق نے کی دعا
اب یہ نور اسکو پہونچا ای حسن
بس وہین رستہ جو خر کا لیا
سیر گلشن تھا وہ رنج لا یطاق
رفتہ رفتہ پہونچا آخر اسکے گھر
خلق حاضر سیکڑون پیر و جوان
رہ گیا حیران و ششدر خر فروش
کم ہوئی فی الجملہ اسکی دھوم دھام
مقصد قلبی ہے یہان آنے سے کیا
چاہیے تھی جو کہ سو لایا بجا
تو دیا حق نے تجھے یہ مرتبہ
حق خدمت سب دیا دل سے بھلا
عقل سے بالکل سخت بیگانہ ہے
آپ اک آفت مین ہے
اور ہی نزدیک ہے
جو کہا ملانے
اوسقدر
خر
عیب

ہین وہی یہ خرفروش اہل دول — اگر شیطان ہی غدار و بدل
شور و غل کرنے لگا وہ خرفروش — شرم سے پھر ہو رہا قاضی خموش
خلق مین گر ہو گئی یہ بات فاش — ہو گی مشکل پھر یہان کی بود و باش
احمقی سے ہوتی ہین سب کار سخت — سہل کو کرتا ہی تنگ و عار سخت
اس سبب سے تا ہو افشای راز — قاضی کرتا اوسکی تعظیم دراز
ہون اگر احمق نہ دنیا مین حسن — پھر ہون ممتاز ہشیارون کی تن
کام مین دنیا کی جو ہین ہوشیار — ابلہ و نادان ہین پیش کردگار
عقل وہ ہی جس سے ہو عقبی درست — کام ہو جس سے کہ ایمان کا درست

ہو کے پھر ناچار قاضی نے کہا — اور کھڑا [illegible] اپنی گھر کو چلا
تا کہ خلقت مین ہو نہ خندہ ریزگی — لعنت کی باتین [illegible]
جسپہ یہ کرتا عزم تھا اخراج کا — پیش پا ہوتا رہی پھر ماجرا
عار بدنامی سے قاضی کو ہوا — خرفروش آخر کو اوسکا مقتدا
جبتلک زندہ رہا وہ خرفروش — قاضی سے وہ ہی رہا جو غیر خروش
جنکو احمق جانتے ہین سب یہان — ہین وہ عند اللہ دانای زمان
عقل وہ ہی جو وہان ہو کام کی — طوق لعنت ورنہ وہ ہو جائیگی
اس سخن کا کچھ نہین ہے پا و سر — ای حسن اس داستان کو ختم کر

خاتمہ بمذمت دنیای فانی اور اسکی ترغیب دلانے پر

ہے یہ دنیا سخت جای نابکار — ایک حالت پر نہین اسکو قرار

ہی تغیر اور تبدل دمبدم — اسکی بوقلمونیان ہین پے بہم
شام کو کوکب اگر تابندہ ہی — صبح کی ہوتی ہی وہ شرمندہ ہی
خلعت شاہانہ رکھتا ہی جو تن — چار دن کے بعد ہوتا ہے کفن
ایک بھی خندان نہین ایسا یہان — ہو نہ گریہ ساتھ جسکے تو امان
رنگ و بو پر اسکے جو مفتون ہے — طفل نابالغ ہی یا مجنون ہے
دیکھی جب آنکھون نے دنیا کی فضا — دیکھتے ہی خود بخود گریان ہوا
یعنی اس مدت مین یہ تھوڑی سی راہ — قطع کی ہم نے مگر مر مر کے آہ
وسعت دنیا تو ہے بے انتہا — قطع کیونکر ہو گی ای میرے خدا
تھا وہ زندان رحم مین رہنے کی جا — تیرہ و تاریک و تنگ و بے ضیا
[illegible]شمیہ جای پوشاک لطیف — گندہ بودار و ناپاک و کثیف
[illegible]ن واسع و با زیب و فر — یہ گل و گلزار و بستان و ثمر
[illegible]ای زمرد و سیم و زر — مادر و ہمشیرہ و جد و پدر
[illegible]قت میرا حال آ[illegible] — جان کو ہوگا عجب جنجال آہ
[illegible]ہ کا اختتام — تھے سنین ہجرت خیر الانام
[illegible]ال کی — ختم جیسے کو ہوئی یہ مثنوی

صبح جو مانند گل خندان ہے — شب کی اندھیاری مین وہ پنہان ہے
شمع کے سر پر اگر ہی تاج زر — باد صرصر سے ہی لرزان ای پسر
یہ ہین جسکے ہی عروسانہ لباس — ہی وہ اسکے درپش اسباب یاس
ایک گل اسکا نہین بے رنج و خار — ایک گنج اسکا نہین بی نیش مار
ہی رحم کی جنس مین جبتک جنین — درد و فکر و رنج و غم اسکو نہین
ہی یہ گریہ اسکو اپنی جان پر — سب ہین اس سفر سی اسکے بیخبر
نو مہینے کھایا ہے خون جگر — طے کیا کس مصیبت سے سفر
اسطرح طی ہو گی یہ راہ دراز — مجھ نحیف خستہ سے ای بی نیاز
خون حیض گندہ ناپاک زن — تھی غذا میری بصد رنج و محن
چھوڑنا انکا ہوا سب مجھپہ شاق — قتل کرتا ہی مجھے انکا فراق
یار و فرزند و عزیز و اقربا — شیر و قند و روغن و نور ضیا
ہونگا جب مین چھوڑ کر انکو جدا — ای خدایا راہی ملک بقا
طفل روئی دیکھ اپنی حال پر — پیر ہو کر تو ہو غافل ای پسر
ای برادر بالیقین بے ریب و شک — یک ہزار و دو صد و پنجاہ و یک
حق تعالی اس سے فیض علم دے — میری محنت کا یہی انعام دے

نام حق پر ختم کر اپنی کتاب — ای حسن واللہ اعلم بالصواب

خاتمۃ الطبع مع تاریخ طبع از حقیر فقیر تا چیز زمان ابو ناظم محمد حامد علیخان حامد مصحح مطبع خلف حافظ غلام علی خان شاہ آبادی عفا عنہما الہادی

ہی سزاوار حمد وہ لایق — لائق نعت مخبر صادق
لوح محفوظ پر قلم نے جب — سر جھکا کر لکھا زروی ادب
وہ احد ہی تو آپ احمد ہین — وہ صمد ہی تو یہ محمد ہین
اقرءوا لا الٰہ الا اللہ — پھر محمد کو بھی رسول اللہ
بعد اوسکے صلوٰۃ اور سلام — لیس آل و صحابۂ عظام

اما بعد صوفیان حقیقت آگاہ وشائقان مشیخت پناہ وعارفان معرفت شناس ورہبروان جادۂ الفقر فخری قدسی اساس کو مژدہ ہو کہ ان ایام فرخندہ فرجام مین کتاب الاجواب نقش ظرافت یعنی گلزار ابراہیم قصہ حضرت ابراہیم ادہم رحمہ اللہ جو ظاہر مین ایک سراسر فسانہ ہے مگر حقیقت مین معنی کا خزانہ ہے عارف کامل کی داستان ہے بمصداق المجاز قنطرۃ الحقیقۃ سیر و منزل حق سے واصل کے تعشق کا بیان ہے عاشق صادق کا حال نجیر مآل اول سے آخر تک تحریر ہے عجیب پر اثر تقریر ہے صوفی صافی نہاد والاعتقاد عارف باللہ مرشد نا مولانا حسن رحمہ اللہ کی تصنیف شریف ہے کیا دلچسپ و لطیف ہے خارج از حد و توصیف ہے مطبع عالم مرجع عالیجناب معلی القاب منشی نولکشور صاحب سی آئی ای واقع کانپور مین منشی پراگ نرائن صاحب عاقل ایجنٹ مطبع کے اہتمام سے مہینہ ... مین آخر ... مین مع تصحیح حسن وخوبی چھپی بندہ نے قلم برداشتہ چھپنے کی تاریخ لکھی

تاریخ طبع

مطبع منشی ذیجاہ مین پھر ان روز دن — دیدنی ای عرفا حال ولی
طبع کا سال اگر تمکو ہے لکھنا منظور — لکھدو جامہ بخدا تھا

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا.

۱۳/۳/۱۹۸۹

گ ح

گلزار ابراہیم

۸۵

[illegible]

[illegible]